اشرف الانشاء

اردو شرح

معلم الانشاء

جلد اول

مترجم وشارح

مولانا ابو حمزہ محمد شریف

مکتبہ رحمانیہ
اقرا سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

اشرف الانشاء

اردو شرح

معلم الانشاء

جلد اول

مترجم و شارح

مولانا ابو حمزہ محمد شریف

مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: ---------------- اشرف الانشاء اردو شرح معلم الانشاء (جلد اول)

مترجم وشارح: ---------------- مولانا ابو حمزہ محمد شریفؒ

ناشر: ---------------- مکتبہ رحمانیہ

مطبع: ---------------- لعل شار پرنٹرز لاہور

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

فہرست

عنوانات	صفحہ نمبر
اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ ...... مفرد	۵
اَلدَّرْسُ الثَّانِي ...... نکرہ و معرفہ	۸
اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ ...... مرکب	۱۲
اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ ...... مرکب توصیفی	۱۴
اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ ...... مرکب اضافی	۲۷
اَلدَّرْسُ السَّادِسُ ...... مرکب تام	۳۹
اَلدَّرْسُ السَّابِعُ ...... جملہ فعلیہ	۵۱
اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ ...... فعل کی قسمیں، ماضی، مضارع، امر ونہی	۵۸
اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۱)...... فعل مضارع	۶۴
اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۲) ...... فعل مستقبل	۷۱
اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ ...... فعل مجہول نائب فاعل	۷۵
اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ عَشَرَ (۱) ...... ماضی بعید و ماضی استمراری	۸۳
اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ عَشَرَ (۲) ...... ماضی استمراری منفی	۹۰
اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ (۱)...... فعل امر	۹۶
اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ (۲) ...... فعل نہی	۱۰۱
اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ ...... مبتداء کی خبر جب کہ جملہ یا شبہ جملہ ہو	۱۰۶
اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ (۱) ...... قد کے ساتھ فعل ماضی کی تاکید	۱۱۲

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ (۲) ...... فعل مضارع کی تاکید "قد" اور لام تاکید کے ساتھ	۱۱۹
اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ عَشَرَ ...... لَمْ، لَمَّا و لَنْ کے ساتھ فعل نفی	۱۲۲
اَلدَّرْسُ السَّادِسُ عَشَرَ ...... فعل مستقبل مثبت کی تاکید	۱۳۰
اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ (۱)...... ادوات الاستفهام	۱۴۹
اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ (۲) ...... استفهام و نفی ایک ساتھ	۱۵۸
اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (۱) ...... ادوات الشرط	۱۶۶
اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (۲) ...... ادواتِ شرط غیر جازمه	۱۷۳
اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ ...... اسم موصول	۱۷۸
اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ نواسخ جمله	۱۸۳
اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ الْعِشْرُوْنَ افعال ناقصه	۱۹۰
اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ ...... ما و لا المشبهتان بلیس	۲۰۱
اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ ...... لائے نفی جنس	۲۰۶
اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ ...... افعال المقاربة و الرجاء و الشروع	۲۱۱
اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ ...... حروف جاره	۲۱۹
رِسَالَةٌ مِنْ طَالِبٍ اِلٰی اَبِیْهِ	۲۲۴
رَدُّ الْوَالِدِ عَلٰی رِسَالَةِ وَلَدِهٖ	۲۲۶
اَلرِّسَالَةُ الْاُوْلٰی اِلَی الْعَمِّ	۲۲۹
اَلرِّسَالَةُ الثَّانِیَةُ اِلَی الْاُمِّ	۲۳۰
اَلرِّسَالَةُ الثَّالِثَةُ اِلَی الْاَخِ الصَّغِیْرِ	۲۳۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اَلدَّرۡسُ الۡاَوَّلُ

(پہلا سبق)

مفرد[1]

کلمہ اور اس کی قسمیں

جس لفظ سے کوئی معنی سمجھ میں آتا ہو "نحو" کی اصطلاح میں اسے "کلمہ" کہا جاتا ہے۔

کلمہ کی تین قسمیں ہیں: ۔ اسم، فعل، حرف

اسم: اس کلمہ کو کہتے ہیں کہ جس سے کسی آدمی یا جانور یا جگہ یا چیز یا کسی کا نام سمجھ میں آئے اور اس کے اندر ماضی حال مستقبل میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔ جیسے خالدٌ (خالد)، القرآن (قرآن)، الفرس (گھوڑا)، لکنؤ (لکھنو)، الشجر (درخت)، الابریق (لوٹا) القرأۃ (پڑھنا) الجَرۡیُ (دوڑنا)۔

فعل: اس کلمہ کو کہتے ہیں جس سے کسی کام کا "ہونا" یا "کرنا" سمجھا جائے اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو کہ وہ کام ماضی حال، مستقبل تینوں زمانوں میں کسی زمانے میں ہوا یا ہوگا۔ جیسے قَرَأَ (اس نے پڑھا) یَقۡرَءُ (وہ پڑھتا ہے) (یا وہ پڑھے گا) قَرَأَ میں زمانہ ماضی اور

---

[1] انسان کے منہ سے جو بات نکلتی ہے وہ چند مفرد الفاظ کا مجموعہ ہوتی ہے اگر ان الفاظ کو ہم ایک دوسرے سے الگ کر دیں تو ہر لفظ مفرد کہلائے گا۔ جیسے رَکِبَ خَالِدٌ عَلٰی الۡحِصَانِ۔ یہ ایک جملہ ہے جو چار لفظوں سے مرکب ہے۔ اگر ان میں سے کسی ایک کو یا ہر ایک کو الگ الگ کر دیں تو الگ کیا ہوا لفظ مفرد کہلائے گا اور مجموعہ کو مرکب کہیں گے۔

یَقْرَءُ میں زمانہ حال اور استقبال دونوں پائے جاتے ہیں۔

حرف: ایک ایسا کلمہ ہے جو اپنے پورے معنی کے بتانے میں دوسرے کلمہ کا محتاج ہو۔ یعنی جب تک اس کے ساتھ کوئی دوسرا کلمہ نہ ملے اس کے معنی پورے طور پر سمجھ میں نہ آئیں جیسے مِنْ (سے) اِلٰی (تک) فِیْ (میں)

فائدہ: "ال" تنوین (ــًــٍــٌ) اضافت اور جر (زیر) اسم کی علامت ہیں۔ فعل پر "ال" جر اور تنوین نہیں آتی اور نہ ہی فعل مضاف ہوتا ہے فعل میں زمانے کا پایا جانا ضروری ہے۔

حرف کی علامت اس کی تعریف سے ظاہر ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۱) مشق نمبر (۱)

مندرجہ ذیل جملوں میں اسم فعل حرف کی تمیز کرو

(۱)	اَلطَّیْرُ یَطِیْرُ فِی الْھَوَاءِ۔	پرندہ ہوا میں پرواز کرتا ہے۔
(۲)	اَلسَّمَكُ یَعِیْشُ فِی الْمَاءِ	مچھلی پانی میں زندگی گزارتی ہے۔
(۳)	اَلْعُصْفُوْرُ یَتَغَرَّدُ عَلَی الشَّجَرَةِ	چڑیا درخت پر چہچہاتی ہے۔
(۴)	اِنَّ السَّفِیْنَةَ تَجْرِیْ عَلَی الْمَاءِ	بے شک کشتی پانی پر چلتی ہے۔
(۵)	یَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَآءِ	بارش آسمان سے اترتی ہے۔
(۶)	سَافَرَ عَلِیٌّ اِلٰی دِھْلِی	علی نے دہلی کی طرف سفر کیا۔
(۷)	تَوَضَّأْتُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ	میں نے ٹھنڈے پانی سے وضو کیا۔
(۸)	صِدْتُ الطُّیُوْرَ بِالْبُنْدُقِیَّةِ	میں نے بندوق سے پرندوں کو شکار کیا۔
(۹)	حَفِظَ التِّلْمِیْذُ الدَّرْسَ	شاگرد نے سبق یاد کیا۔
(۱۰)	اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ	بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

حل: اسم، فعل اور حرف کی تمیز درج ذیل ہے۔

(۱) الطیر، یطیر فی الھواء

اسم، فعل، حرف، اسم

(۲) السمك يعيش فى الماء

اسم، فعل، حرف، اسم

(۳) العصفوريتغرد على الشجرة

اسم، فعل، حرف، اسم

(۴) ان السفينة تجرى على الماء

حرف، اسم، فعل، حرف، اسم

(۵) ينزل المطر من السماء

فعل، اسم، حرف، اسم

(۶) سافر على الى دهلى

فعل، اسم، حرف، اسم

(۷) توضات بالماء البارد

فعل، حرف، اسم، اسم

(۸) صدت الطيور با لبندقية

فعل، اسم، حرف، اسم

(۹) حفظ التلميذ الدرس

فعل، اسم، اسم

(۱۰) انَّ اللّٰه على كل شيءٍ قدير

حرف، اسم، حرف، اسم، اسم، اسم

اَلدَّرْسُ الثَّانِی

(دوسرا سبق)

(نکرہ ومعْرفہ)

اسم کی دو قسمیں ہیں نکرہ اور معرفہ۔

نکرہ: ایک ہی قسم کی کئی چیزوں کے مشترک نام کو "اسم نکرہ" کہا جاتا ہے یہ کسی معین اور مخصوص چیز پر دلالت نہیں کرتا۔ جیسے کِتَابٌ (کوئی کتاب)، رَجُلٌ (کوئی آدمی۔ کوئی مرد) فَرَسٌ (کوئی گھوڑا)، مَاءٌ (کچھ پانی یا کسی قسم کا پانی) بَلَدٌ (کوئی شہر وغیرہ)

معرفہ: وہ اسم ہے جو کسی معین ومخصوص چیز کو بتائے جیسے اَلْکِتَابُ (کوئی خاص کتاب)، اَلْفَرَسُ (کوئی مخصوص گھوڑا) دِھْلِیْ مخصوص شہر کا نام ہے۔ خَالِدٌ (ایک مخصوص شخص کا نام ہے)

فائدہ: نکرہ کا ترجمہ عام طور پر "کوئی" "کوئی ایک" "چند" اور کچھ سے کیا جاتا ہے اور معرفہ کا ترجمہ مطلقاً یعنی اس کے ترجمہ میں لفظ "خاص" یا "مخصوص" لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ یہ بات ذہن میں آتی ہے اور سننے والا اس کو سمجھتا ہے۔

اسم معرفہ کی اقسام

اسم معرفہ کی سات قسمیں ہیں۔ جو ذیل میں دی جاتی ہیں۔

(۱) علم (۲) معرف باللام (۳) اسم ضمیر

(۴) اسم اشارہ (۵) اسم موصول (۶) منادیٰ

(۷) مضاف الی المعرفۃ

عَلَم: افراد واشخاص اور شہر وغیرہ کے خصوصی نام مخصوص طریقہ پہ رکھے جاتے ہیں: جیسے

خَالِدٌ، مَحْمُوْدٌ، دِهْلِیْ، مَكَّةُ الْمَدِيْنَةُ۔ مِصْرُ، الْعِرَاقُ وغیرہ۔

(۲) معرف باللام: یعنی ہر وہ اسم جو "ال" کے ذریعے معرفہ بنایا لیا ہو جیسے اَلْبَيْتُ، اَلْكِتَابُ، اَلْوَلَدُ، اَلرَّسُوْلُ وغیرہ۔

"ال" کو حرف تعریف کہا جاتا ہے (یعنی معرفہ بنانے والا حرف) جب کسی نکرہ کو معرفہ بنانا مقصود ہو تو اس پر "ال" داخل کر کے معرفہ بنا لیتے ہیں۔ رَجُلٌ سے اَلرَّجُلُ اور وَلَدٌ سے اَلْوَلَدُ وغیرہ۔

جس لفظ پر "ال" داخل ہو تو اس پر تنوین نہیں آتی "علم" یعنی ناموں پر "ال" داخل نہیں ہوتا ہاں البتہ جن ناموں پر شروع ہی سے الف لام ہو وہ باقی رہے گا جیسے اَلْمَدِيْنَة اور العراق، اور البصرة پر شروع سے داخل ہے۔

(۳) اسم ضمیر: جیسے هُوَ، هُمَا، هُمْ، اَنْتَ، اَنَا، نَحْنُ، وغیرہ۔

(۴) اسم اشارہ: هٰذَا، هٰذِهٖ یہ ذٰلِكَ، تِلْكَ (وہ) هٰؤُلَاءِ یہ سب اُولٰٓئِكَ (وہ سب)۔

(۵) اسم موصول: جیسے اَلَّذِیْ اَلَّتِیْ جو اَلَّذِيْنَ الخ (جو، جمع) ہے۔

(۶) منادیٰ: جیسے يَا رَجُلُ، يَا وَلَدُ وغیرہ

(۷) مضاف الی المعرفۃ: یعنی ہر وہ اسم جو معرفہ کی پہلی پانچ قسموں میں کسی ایک قسم کی طرف مضاف ہو جیسے كِتَابُ مَحْمُوْدٍ (محمود کی کتاب) فَرَسُ الرَّجُلِ (معلوم و مخصوص آدمی کا گھوڑا) قَلَمُهٗ (اس کا قلم)، كِتَابُ الَّذِیْ جَاءَ (اس کی کتاب جو آیا)

اَلتَّمْرِيْنُ (۲) (مشق نمبر ۲)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْقَلَمُ	(۲) اَلْكِتَابُ	(۳) كُرَّاسَةٌ	(۴) حِبْرٌ	(۵) مِرْسَمٌ
قلم	کتاب	ایک کاپی	کچھ روشنائی	ایک پنسل

(۶) اَلْمِحْبَرُ دوات	(۷) اَلسَّبُّوْرَةُ تختہ سیاہ	(۸) اَلْبُسْتَانُ باغ	(۹) اَلشَّجَرَةُ درخت	(۱۰) غُصْنٌ ایک ٹہنی
(۱۱) اَلْوَرَقُ پتا/کاغذ	(۱۲) اَلزَّهْرُ پھول	(۱۳) اَلثَّمَرُ پھل	(۱۴) فَاكِهَةٌ ایک میوہ	(۱۵) بَيْتٌ ایک گھر
(۱۶) اَلسَّقْفُ چھت	(۱۷) اَلْبَابُ دروازہ	(۱۸) جِدَارٌ ایک دیوار	(۱۹) اَلْمِفْتَاحُ چابی	(۲۰) قُفْلٌ ایک تالہ
(۲۱) اَلشُّبَّاكُ کھڑکی	(۲۲) اَلْاَبُ باپ	(۲۳) اَلْاَخُ بھائی	(۲۴) اَلْاُسْتَاذُ استاذ	(۲۵) تِلْمِيْذٌ ایک شاگرد
(۲۶) اَلْوَلَدُ لڑکا	(۲۷) اَلْخَادِمُ نوکر	(۲۸) اَلْبِنْتُ بیٹی		

اَلتَّمْرِيْنُ (۳) (مشق نمبر ۳)

عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) چاند اَلْقَمَرُ	(۲) ستارہ اَلنَّجْمُ	(۳) سورج اَلشَّمْسُ	(۴) آسمان اَلسَّمَاءُ
(۵) زمین اَلْاَرْضُ	(۶) بادل اَلْغَيْمُ	(۷) ہوا اَلرِّيْحُ	(۸) دریا اَلْبَحْرُ، اَلنَّهْرُ
(۹) پہاڑ اَلْجَبَلُ	(۱۰) جنگل اَلْغَابَةُ	(۱۱) آگ اَلنَّارُ	(۱۲) پانی اَلْمَاءُ
(۱۳) دھواں اَلدُّخَانُ	(۱۴) روشنی اور تاریکی اَلنُّوْرُ وَالظُّلْمَةُ	(۱۵) بارش اور شبنم اَلْمَطَرُ وَالطَّلُّ	(۱۶) میز اَلطَّاوِلَةُ

(۱۷) ایک تپائی طَاوِلَةٌ	(۱۸) کوئی کرسی كُرْسِيٌّ	(۱۹) ایک ڈیسک مِنْضَدَةٌ	(۲۰) جاذب اَلنَّشَّافَةُ
(۲۱) قمیص اَلْقَمِيْصُ	(۲۲) ایک رومال مِنْدِيْلٌ	(۲۳) کوئی تولیہ مِنْشَفَةٌ	(۲۴) جوتا اَلنَّعْلُ
(۲۵) ایک ٹوپی قَلَنْسُوَةٌ	(۲۶) پائجامہ أَلسِّرْوَالُ	(۲۷) تکیہ اَلْوِسَادَةُ	(۲۸) چادر اَلرِّدَاءُ

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

(تیسرا سبق)

مرکب

دو یا دو سے زیادہ الفاظ کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں۔ مرکب کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مرکب تام اور (۲) مرکب ناقص۔

مرکب تام: ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس سے کوئی بات پوری سمجھی جائے۔ یعنی اس سے کوئی خبر، کوئی حکم یا کوئی خواہش معلوم ہو جیسے اَلْبُسْتَانُ جَمِيْلٌ (باغ خوبصورت ہے)، قُمْ يَا سَعِيْدُ (کھڑے ہوا ے سعید) اِجْلِسْ (بیٹھ) مرکب تام کو ''جملہ مفیدہ'' اور ''کلام'' بھی کہتے ہیں۔

مرکب ناقص: اس مرکب کو کہتے ہیں کہ جس سے کوئی پوری بات سمجھ میں نہ آتی ہو جیسے اَلثَّوْبُ النَّظِيْفُ (ستھرا کپڑا)، مَاءُ الْبَحْرِ (سمندر کا پانی) حِذَاءُ خَالِدٍ (خالد کا جوتا)، خَمْسَةَ عَشَرَ (پندرہ)

مرکب ناقص کی قسمیں ہیں۔ اس کی مشہور قسمیں ''مرکب توصیفی'' اور ''مرکب اضافی'' ہیں جو بیان کی جاتی ہیں۔

فائدہ: مرکب تام میں لفظ قُمْ، اِجْلِسْ وغیرہ بظاہر ایک ہی لفظ معلوم ہوتے ہیں۔ اس لئے شاید تمہیں ''مفرد'' کا شبہ ہو مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے بلکہ اس میں ایک اور لفظ پوشیدہ ہے جو اگرچہ بولا نہیں جاتا مگر سمجھا جاتا ہے ایک لفظ یہاں پوشیدہ ہے یہ لفظ اَنْتَ کا ہے جب اِجْلِسْ کہا جائے گا اس سے مفہوم اِجْلِسْ اَنْتَ ہی ہوگا اور بات پوری سمجھی جائے گی۔ اس لئے یہ مرکب تام ہے بخلاف مرکب ناقص کے کہ اس میں مَاءُ الْبَحْرِ،

اَلثَّوْبُ النَّظِيْفُ، خَمْسَةَ عَشَرَ وغیرہ اگرچہ دو لفظوں سے مرکب ہیں۔ مگر ان سے کوئی پوری بات نہیں سمجھی جاتی اس لئے یہ مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۴) (مشق نمبر ۴)

مرکب تام اور مرکب ناقص میں تمیز کرو۔

(۱) اَلْمَاءُ بَارِدٌ (۲) اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ (۳) اَلْبَيْتُ النَّظِيْفُ
(۴) لَيْسَ الْوَلَدُ (۵) لَيْتَ الْفَاكِهَةَ (۶) اَكَلَ فَرِيْدُ نِ الْفَاكِهَةَ
(۷) اَلْقَلَمُ الَّذِیْ (۸) لَعَلَّ الْخَادِمَ (۹) لَعَلَّ التِّلْمِيْذُ يَنْجَحُ
(۱۰) اِنْ جِئْتَ (۱۱) كَاَنَّ الْكِتَابَ (۱۲) اَلنَّجْمُ لَامِعٌ
(۱۳) اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ (۱۴) نَامَتِ الصَّبِيَّةُ

حل:

مرکب تام: اَلْمَاءُ بَارِدٌ، اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ، اَكَلَ فَرِيْدُ نِ الْفَاكِهَةَ، اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ، لَعَلَّ التِّلْمِيْذُ يَنْجَحُ، اَلنَّجْمُ لَامِعٌ، نَامَتِ الصَّبِيَّةُ

مرکب ناقص: اَلْبَيْتُ النَّظِيْفُ، لَيْسَ الْوَلَدُ، لَيْتَ الْفَاكِهَةَ، اَلْقَلَمُ الَّذِیْ لَعَلَّ الْخَادِمَ، اِنْ جِئْتَ، كَاَنَّ الْكِتَابَ۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

(چوتھا سبق)

مرکب توصیفی:

مرکب توصیفی ایسے مرکب کو کہتے ہیں۔ جس میں کسی اسم (اسم ذات[1]) کی کوئی صفت یا حالت یا کیفیت وغیرہ بیان کی گئی ہو۔ جیسے اَلْمَاءُ الْعَذْبُ (میٹھا پانی) اَلْهَوَاءُ الْبَارِدُ (ٹھنڈی ہوا)، اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ (محنتی لڑکا)، مَحْمُوْدُ الْخَطِيْبُ مقرر محمود وغیرہ۔

(۱) مرکب توصیفی کا پہلا جز "موصوف" اور دوسرا "صفت" کہلاتا ہے۔

(۲) موصوف ہمیشہ "اسم ذات" اور صفت عموماً "اسم صفت[2]" ہوا کرتا ہے۔

(۳) مرکب توصیفی یعنی موصوف وصفت کے درمیان حسب ذیل باتوں میں پوری مطابقت ہوتی ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب[3] (۲) تعریف وتنکیر (۳) تذکیرو

---

[1] اسم ذات سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی شے کے محض وجود کو بتائے جیسے اوپر کی مثالوں میں اَلْمَاءُ، اَلْهَوَاءُ، مَحْمُوْدٌ کہ یہ پانی، ہوا، لڑکا، محمود کے محض وجود اور ان کی ذات پر دلالت کرتے ہیں۔

[2] اسم صفت کسی چیز کی اچھائی، برائی، حالت وکیفیت اور صفت پر دلالت کرتا ہے جیسے اَلْعَذْبُ اَلْبَارِدُ، اَلْمُجْتَهِدُ اور اَلْخَطِيْبُ یہ چاروں الفاظ حالت وکیفیت کو بتا رہے ہیں۔ اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں اسم فاعل جیسے عَالِمٌ اسم مفعول جیسے مَعْلُوْمٌ صفت مشبہ عَلِيْمٌ (جاننے والا) اسم تفضیل جیسے اَعْلَمُ (زیادہ جاننے والا) اسم مبالغہ جیسے عَلَّامٌ اور عَلَّامَةٌ (بہت جاننے والا)
صفت عموماً انہی اسماء صفات سے لائی جاتی ہے مگر کبھی صفت کے لئے جملہ یا شبہ جملہ بھی آتا ہے۔ اس کی مزید تفصیل حصہ دوم میں آئے گی انشاء اللہ۔

[3] اعراب لفظ کی آخری حالت کو کہتے ہیں اور یہ چار ہیں۔ رفع، نصب، جر اور جزم، جر اسم کے ساتھ مختص ہے اور جزم فعل کے ساتھ رفع کی علامت ضمہ (ـُـ) اور نصب کی علامت (ـَـ) اور جر کی علامت کسرہ (ـِـ) جزم حرکت نہ ہونے کو کہتے ہیں۔ رفع والے اسم کو مرفوع اور نصب والے اسم کو منصوب اور جر والے اسم کو مجرور کہتے ہیں۔

تانیث (۴) واحد تثنیہ اور جمع۔ البتہ موصوف اگر کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو صفت عموماً واحد مؤنث ہی آتی ہے جیسے اَلشَّجَرَاتُ الطَّوِیْلَۃُ اور کبھی مطابقت کے لئے اَلطَّوِیْلَاتُ بھی کہتے ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۵) مشق نمبر (۵)

(تعریف و تنکیر میں موصوف صفت کی مطابقت)

اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) اَلْبُسْتَانُ الْجَمِیْلُ خوبصورت باغ	(۲) اَلْغُصْنُ الْاَخْضَرُ سبز شاخ	(۳) اَلْوَرَقُ النَّاعِمُ ملائم کاغذ
(۴) ثَوْبٌ رَخِیْصٌ ایک سستا کپڑا	(۵) قَلَمٌ ثَمِیْنٌ ایک قیمتی قلم	(۶) اَلرِّدَاءُ الْخَشِنُ کھردری چادر
(۷) اَلْمَطَرُ الْغَزِیْرُ موسلا دھار بارش	(۸) اَلسَّحَابُ الْکَثِیْفُ گھنا بادل	(۹) تِلْمِیْذٌ مُجْتَهِدٌ ایک محنتی طالب علم
(۱۰) اَلْفَلَّاحُ الْکَسْلَانُ سست کسان	(۱۱) اَلْقِطَارُ السَّرِیْعُ تیز گاڑی	(۱۲) فَرَسٌ بَطِیْءٌ ایک سست گھوڑا
(۱۳) اَلتُّفَّاحُ الْحُلْوُ میٹھا سیب	(۱۴) اَللَّیْمُوْنُ الْحَامِضُ کھٹا لیموں	(۱۵) اِقْبَالُ نِ الشَّاعِرُ شاعر اقبال

ضمہ فتحہ کسرہ اعراب بالحرکت کہلاتے ہیں۔ اعراب کی ایک دوسری قسم اعراب بالحروف ہے اور یہ الف واؤ اور ی ہیں۔

اسمائے ستہ (اب، اخ وغیرہ) میں رفع کے لئے واؤ اور نصب کے لئے الف اور جر کے لئے ی کا استعمال ہوتا ہے۔ مگر تثنیہ میں الف رفع کی علامت سمجھا جاتا ہے اور نصب و جر دونوں کے لئے ی کا ماقبل مفتوح اور مابعد مکسور ہے۔ جیسے عَالِمَیْنِ جمع مذکر سالم میں رفع کے لئے واؤ اور نصب و جر کیلئے "ی" ماقبل مکسور اور مابعد مفتوح یعنی یائے تثنیہ کے برعکس آتا ہے جیسے عَالِمِیْنَ۔

(۱۶) اَلدِّيْنُ الْقَيِّمُ سیدھا دین		

اَلتَّمْرِيْنُ (۶) مشق نمبر (۶)

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب توصیفی کے جملے لکھو۔

طَائِرٌ	اَلْبَابُ	اَلْجَدِيْدُ	وَلَدٌ
اَلسَّرِيْعُ	اَلنَّاعِمُ	اَلْكَبِيْرُ	شُبَّاكٌ
اَلْكِتَابُ	اَلْمَسْجِدُ	جَمِيْلٌ	صَغِيْرٌ
اَلْفِرَاشُ	اَلثَّوْبُ	مَفْتُوْحٌ	اَلْمُغْلَقُ
صَالِحٌ	اَلْحِصَانُ	بَيْتٌ	اَلْخَلَقُ (پرانا)

مرکب توصیفی کے جملے

(۱) طَائِرٌ جَمِيْلٌ (ایک خوبصورت پرندہ)	(۶) اَلْفِرَاشُ النَّاعِمُ (نرم بستر)
(۲) اَلْبَابُ الْمُغْلَقُ (بند دروازہ)	(۷) اَلْمَسْجِدُ الْكَبِيْرُ (بڑی مسجد)
(۳) اَلثَّوْبُ الْجَدِيْدُ (نیا کپڑا)	(۸) شُبَّاكٌ مَفْتُوْحٌ (ایک کھلی ہوئی کھڑکی)
(۴) وَلَدٌ صَالِحٌ (ایک نیک لڑکا)	(۹) اَلْكِتَابُ الْخَلَقُ (پرانی کتاب)
(۵) اَلْحِصَانُ السَّرِيْعُ (تیز گھوڑا)	(۱۰) بَيْتٌ صَغِيْرٌ (ایک چھوٹا گھر)

اَلتَّمْرِيْنُ (۷) مشق نمبر (۷)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) ٹھنڈا پانی اَلْمَاءُ الْبَارِدُ	(۲) صاف ہوا اَلْهَوَ النَّقِيُّ	(۳) میٹھا پھل اَلثَّمَرُ الْحُلْوُ	(۴) سرخ روشنائی اَلْحِبْرُ الْأَحْمَرُ

(٥) سیاہ پنسل اَلْمِرْسَمُ الْاَسْوَدُ	(٦) ایک خوبصورت پرندہ طَائِرٌ جَمِیْلٌ	(٧) ایک قیمتی ہار عِقْدٌ ثَمِیْنٌ	(٨) موٹا بیل اَلثَّوْرُ السَّمِیْنُ
(٩) ایک تیز رفتار گھوڑا فَرَسٌ سَرِیْعٌ	(١٠) چوڑی سڑک اَلشَّارِعُ الْعَرِیْضُ	(١١) ایک نیک لڑکا وَلَدٌ صَالِحٌ	(١٢) ایک اچھی کتاب کِتَابٌ جَیِّدٌ
(١٣) محنتی طالب علم اَلتِّلْمِیْذُ الْمُجْتَهِدُ	(١٤) مہربان استاد اَلْاُسْتَاذُ الشَّفِیْقُ	(١٥) شاہد ادیب شَاهِدُ نِ الْاَدِیْبُ	(١٦) آخری نبی اَلنَّبِیُّ الْخَاتَمُ
(١٧) محمد رسول مُحَمَّدُ نِ الرَّسُوْلُ	(١٨) سچا رسول اَلرَّسُوْلُ الصَّادِقُ		

اَلتَّمْرِیْنُ (٨)

تذکیر[1] وتانیث میں موصوف صفت کی مطابقت

اردو میں ترجمہ کریں۔

---

[1] تذکیر وتانیث: جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں۔ مذکر اور مؤنث۔

اسم مؤنث دو طرح کے ہیں۔ قیاسی اور سماعی پھر قیاسی کی دو قسمیں ہیں لفظی اور معنوی۔

مؤنث لفظی کی تین علامتیں ہیں جو اسم کے آخر میں ہوتی ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں۔

(١) تائے تانیث (ۃ) جیسے اِمْرَاَۃٌ، بَقَرَۃٌ، عَالِمَۃٌ، مَفْتُوْحَۃٌ، اَلْفِضَّۃُ وغیرہ

(٢) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی، سَلْمٰی، الصُّغْرٰی، الحُسْنٰی وغیرہ

(٣) الف ممدودہ جیسے اَسْمَاءُ (عورت کا نام) حَسْنَاءُ (خوبصورت عورت) وغیرہ

صفت مشبہ جو اَفْعَلُ کے وزن پر آئے اس کا اسم مؤنث اسی فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے جیسے اَحْمَرُ سے حَمْرَاءُ، اَسْوَدُ سے سَوْدَاءُ، اَصْفَرُ سے صَفْرَاءُ، اَزْرَقُ سے زَرْقَاءُ، اَحْسَنُ سے حَسْنَاءُ وغیرہ۔

(٢) مؤنث معنوی: یعنی جس میں علامت تانیث ظاہر نہ ہو مگر وہ مؤنث پر دلالت کرتے ہوں اور یہ چار طرح کے ہیں

(١) عورتوں کے نام مَرْیَمُ، زَیْنَبُ، ہِنْدُ وغیرہ

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۱) اَلْحَدِیْقَةُ الْجَمِیْلَةُ خوبصورت باغیچہ	(۲) اَلشَّجَرَةُ الثَّمِرَةُ پھلدار درخت	(۳) وَرْدَةٌ حَمْرَآءُ گلاب کا ایک سرخ پھول
(۴) اَلطَّعَامُ الشَّهِیُّ لذیذ کھانا	(۵) لَحْمٌ طَرِیٌّ کچھ تازہ گوشت	(۶) خُبْزٌ بَائِتٌ ایک باسی روٹی
(۷) اَلْفِضَّةُ الْبَیْضَآءُ سفید چاندی	(۸) اَلْفَاکِهَةُ الْفِجَّةُ کچا پھل	(۹) زَهْرٌ مُفَتَّحَةٌ کھلا ہوا ایک پھول
(۱۰) ثَمَرٌ نَاضِجٌ ایک پکا ہوا پھل	(۱۱) اَلطَّعَامُ الشَّهِیُّ لذیذ کھانا	(۱۲) بِنْتٌ جَمِیْلَةٌ ایک خوبصورت لڑکی
(۱۴) حَمِیْدَةٌ نِ الْخَرْقَاءُ بے سلیقہ حمیدہ		

بقیہ حاشیہ

(۲) ہواؤں کے نام: صَبَا، قَبُوْل، دَبُوْر، جَنُوْب، شمال، هَیْف، حَرُوْر، سَمُوْم وغیرہ

(۳) ملکوں، شہروں، قبیلوں اور جماعتوں کے نام جیسے مصر، پاکستان، الھند، دہلی، لکھنؤ، قریش وغیرہ۔

(۴) جسم کے وہ اعضاء جو جفت (جوڑے جوڑے) ہوں جیسے یَدٌ۔ رِجْلٌ، عَیْنٌ وغیرہ مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے کیونکہ مِرْفَقٌ خَدٌّ، اَلْحَاجِبُ، صُدْغٌ اور اللحی جیسے الفاظ مذکر ہی مستعمل ہیں۔

یہ سب مؤنث قیاسی کی مثالیں ہیں۔ اب ان کے علاوہ کچھ اسماء ایسے ہیں کہ جن میں نہ تو علامت تانیث ہوتی ہے اور نہ ہی مؤنث معنوی کے قاعدے میں آتے ہیں۔ مگر اہل زبان (عرب) ان کو مؤنث استعمال کرتے آئے ہیں چونکہ ان کا مؤنث ہونا محض سماع (سننے) پر موقوف ہے۔ اس لئے ان کو مؤنث سماعی کہتے ہیں۔ ذیل میں مؤنث سماعی کے کچھ الفاظ درج کئے جاتے ہیں۔ اُذُنٌ، اَرْضٌ، اَرْنَبٌ، اِصْبَعٌ، اَفْعیٰ، بِئْرٌ، جَحِیْمٌ، جَهَنَّمٌ، حَرْبٌ، دَارٌ، ذِرَاعٌ، رِجْلٌ، رَحِمٌ، رُحیٰ، رِیْحٌ، سَقَرٌ، (جہنم) سِنٌّ، سَاقٌ، شَمْسٌ، شِمَالٌ، ضَبُعٌ، عَرُوْضٌ، عَصًا، عَقِبٌ، عَیْنٌ، فَأْسٌ، فَخِذٌ، فُلْكٌ، قَدَمٌ، کَاسٌ، کَتِفٌ، کَرِشٌ، کَفٌّ، نَارٌ، نَعْلٌ، نَابٌ، وَرِكٌ، یَدٌ، یَمِیْنٌ

اَلتَّمْرِيْنُ (۹) مشق نمبر (۹)

خالی جگہ پر کریں۔

(۱) اَللَّيْلُ ………… (۲) اَلْبُسْتَانُ ………… (۳) اَلسَّاعَةُ …………
(۴) طَاوِلَةٌ ………… (۵) كُرْسِيٌّ ………… (۶) اَلسَّبُّوْرَةُ …………
(۷) سَعِيْدٌ ………… (۸) اَلْعِقْدُ ………… (۹) اَلْمِصْبَاحُ …………
(۱۰) سَيَّارَةٌ ………… (۱۱) اَلْمَنَارَةُ ………… (۱۲) اَلْبَقَرَةُ …………
(۱۳) شَاةٌ ………… (۱۴) فَاطِمَةُ …………

حل مکمل جملے:

(۱) اَللَّيْلُ الْمُقْمِرُ (۲) اَلْبُسْتَانُ الْكَبِيْرُ (۳) اَلسَّاعَةُ الرَّخِيْصَةُ
(۴) طَاوِلَةٌ جَدِيْدَةٌ (۵) كُرْسِيٌّ قَدِيْمٌ (۶) اَلسَّبُّوْرَةُ الْجَدِيْدَةُ
(۷) سَعِيْدُ نِ الْفَاضِلُ (۸) اَلْعِقْدُ الثَّمِيْنُ (۹) اَلْمِصْبَاحُ الْمُنِيْرُ
(۱۰) سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ (۱۱) اَلْمَنَارَةُ الْمُرْتَفِعَةُ (۱۲) اَلْبَقَرَةُ الْحَامِلَةُ
(۱۳) شَاةٌ حَلُوْبٌ (۱۴) فَاطِمَةُ نِ الْفَاضِلَةُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰) مشق نمبر (۱۰)

خالی جگہ پر کریں:

(۱) ………… اَللَّامِعُ (۲) ………… اَلْعَذْبُ (۳) ………… اَلنَّقِيُّ
(۴) ………… اَلسَّمِيْنَةُ (۵) ………… اَلْمُرُّ (۶) ………… اَلْهِنْدِيُّ
(۷) ………… مُقْمِرَةٌ (۸) ………… بَيْضَاءُ (۹) ………… اَلْمُظْلِمُ
(۱۰) ………… نَشِيْطٌ (۱۱) ………… اَلْمُثْمِرُ (۱۲) ………… اَلْمُظِلَّةُ

حل مکمل جملے:

(۱) اَلْكَوْكَبُ اللَّامِعُ (۲) اَللَّبَنُ الْعَذْبُ (۳) اَلرِّيْحُ النَّقِى
(۴) اَلنَّاقَةُ السَّمِيْنَةُ (۵) اَلدَّوَاءُ الْمُبِرُّ (۶) اَلْعَالِمُ الْهِنْدِىُّ
(۷) لَيْلَةٌ مُقْمِرَةٌ (۸) بَقَرَةٌ بَيْضَاءُ (۹) اَللَّيْلُ الْمُظْلِمُ
(۱۰) شُرْطِىٌّ نَشِيْطٌ (۱۱) اَلشَّجَرُ الْمُثْمِرُ (۱۲) اَلشَّجَرَةُ الْمُظِلَّةُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱) مشق نمبر (۱۱)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) نیلا آسمان اَلسَّمَاءُ الزَّرْقَاءُ	(۲) روشن سورج اَلشَّمْسُ الْمُشْرِقَةُ	(۳) بلند پہاڑ اَلْجَبَلُ الْعَالِى
(۴) گہرا کنواں اَلْبِئْرُ الْعَمِيْقَةُ	(۵) پھلدار درخت اَلشَّجَرُ الْمُثْمِرُ	(۶) میٹھا انار اَلرُّمَّانُ الْحُلْوُ
(۷) ٹھنڈی رات اَللَّيْلُ الْبَارِدُ	(۸) ایک تاریک کمرہ غُرْفَةٌ مُظْلِمَةٌ	(۹) کوئی اونچی میز طَاوِلَةٌ عَالِيَةٌ
(۱۰) ایک قیمتی گھڑی سَاعَةٌ ثَمِيْنَةٌ	(۱۱) سفید کرتا اَلْقَمِيْصُ الْاَبْيَضُ	(۱۲) سیاہ ٹوپی اَلْقَلَنْسُوَةُ السَّوْدَاءُ
(۱۳) تعلیم یافتہ عائشہ عَائِشَةُ نِ الْمُتَعَلِّمَةُ	(۱۴) مجاہد خالد خَالِدٌ نِ الْمُجَاهِدُ	(۱۵) ایک خون ریز لڑائی حَرْبٌ دَامِيَةٌ

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۲)

تثنیہ[1] و جمع میں موصوف وصفت کی مطابقت:

[1] تثنیہ وجمع: اسم کی باعتبار عدد کے تین قسمیں ہیں واحد، تثنیہ، جمع، واحد ایک کو، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زیادہ کو کہتے ہیں۔

تثنیہ بنانے کا قاعدہ: اسم مفرد (واحد) کے آخر میں الف ونون بڑھانے سے تثنیہ بن جاتا ہے، مگر یہ صرف اس وقت جب کہ تثنیہ مرفوع ہو جیسے کِتَابٌ سے کِتَابَانِ اور کُرَّاسَةٌ سے کُرَّاسَتَانِ وغیرہ، اگر تثنیہ مرفوع (حالت رفعی میں) ہونے کی بجائے منصوب یا مجرور (حالت نصب یا جری میں) ہو تو الف ونون کی بجائے "ی" ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ (یْنِ) بڑھاتے ہیں۔ جیسے کِتَابَیْنِ اور کُرَّاسَتَیْنِ وغیرہ۔

جمع اور اس کی قسمیں: جمع جو دو سے زیادہ چیزوں پر دلالت کرتی ہے اس کی تین قسمیں ہیں۔ جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم اور جمع مکسر۔

جمع مذکر سالم: اس جمع کو کہتے ہیں جس میں واحد کا وزن باقی اور سالم رہے۔ یہ اسم مفرد (واحد) کے آخر میں واؤ اور نون مفتوح (وْنَ) بڑھانے سے بنتی ہے۔ یہ قاعدہ صرف اس کی حالت رفعی کے لئے ہے۔ حالت نصبی میں "ی" ماقبل مکسور اور نون مفتوح (یْنَ) بڑھا کر جمع بناتے ہیں جیسے مُحَمَّدٌ سے مُحَمَّدِیْنَ اور صَالِحٌ سے صَالِحِیْنَ (حالت نصبی اور جری میں) مُحَمَّدُوْنَ اور صَالِحُوْنَ (حالت رفعی میں)

فائدہ: جمع مذکر سالم صرف رجال (مرد) کے نام اور ان کی صفات کے لئے آتی ہے۔

(۲) تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا اعراب (حالت نصبی وجری میں) "ی" سے آتا ہے اور لکھنے میں دونوں کی صورت ایک سی ہوتی ہے مگر فرق یہ ہے کہ تثنیہ میں جو "ی" ہوتی ہے۔ اس سے پہلے فتحہ اور بعد کے نون کو کسرہ دیا ہوا ہوتا ہے اور جمع مذکر سالم کی "ی" سے پہلے کسرہ اور بعد کے نون کو فتحہ دیا ہوا ہوتا ہے۔ یعنی تثنیہ میں "ی" ماقبل مفتوح مابعد مکسور اور جمع میں "ی" ماقبل مکسور اور مابعد مفتوح ہوتا ہے۔

(۲) جمع مؤنث سالم: ہر وہ جمع جو کسی واحد مؤنث کے آخر میں الف اور تائے مبسوط (ا، ت) بڑھا کر بنائی جائے اور واحد کا وزن باقی رہے جیسے مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ، صَالِحَةٌ سے صَالِحَاتٌ، فَاطِمَةُ سے فَاطِمَاتٌ، بَقَرَةٌ سے بَقَرَاتٌ، شَجَرَةٌ سے شَجَرَاتٌ، كَلِمَةٌ سے كَلِمَاتٌ وغیرہ۔

فائدہ: یہ عاقل اور غیر عاقل سب کے لئے آتی ہے۔ بخلاف جمع مذکر سالم کے صرف رجال کا نام اور ان کی صفات ہی کیلئے آتی ہے۔

(۲) جمع مؤنث سالم کا اعراب حالت رفعی میں ضمہ کے ساتھ اور حالت نصبی وجری دونوں میں کسرہ کے ساتھ ہوتا ہے۔

اردو میں ترجمہ کریں

(۱) اَلْمَاءُ الرَّائِقُ خوشگوار پانی	(۲) اَلْهَوَاءُ النَّقِيُّ صاف ہوا	(۳) اَلْأَنْهَارُ الْجَارِيَةُ (اَلْجَارِيَاتُ) بہتی نہریں
(۴) نَجْمَانِ لَامِعَانِ دو چمکدار ستارے	(۵) اَلْجِبَالُ الشَّامِخَةُ اونچے پہاڑ	(۶) اَلْمُسْلِمُوْنَ الصَّادِقُوْنَ سچے مسلمان
(۷) رِجَالٌ صَالِحُوْنَ کچھ نیک لوگ	(۸) وَرْدَةٌ مُتَفَتِّحَةٌ کھلا ہوا گلاب کا پھول	(۹) تِلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ دو محنتی شاگرد
(۱۰) اَلْبَنَاتُ اَلصَّالِحَاتُ (نیک بیٹیاں)	(۱۱) اَقْلَامٌ ثَمِيْنَةٌ اَوْ (ثَمِيْنَاتٌ) کچھ قیمتی قلم	(۱۲) اَلْمَنَارَتَانِ الطَّوِيْلَتَانِ دو لمبے مینار
(۱۳) اَلثَّرْوَةُ الْمَمْلُوْءَةُ بھری ہوئی دولت	(۱۴) اَلْاُمَّهٰتُ الْمُؤْمِنٰتُ مومن مائیں	

(بقیہ حاشیہ)

(۳) جمع مکسّر: اس جمع کو کہتے ہیں جس میں مفرد (واحد) کا وزن باقی نہ رہے بلکہ جمع میں آکر ٹوٹ جائے۔ اسی وجہ سے اس کو مُکَسَّر (ٹوٹا ہوا) کہتے ہیں جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ شَاةٌ سے شِيَاهٌ اور حَدِيْقَةٌ سے حَدَائِقُ وغیرہ۔

جمع مکسّر بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے کبھی محض حرکات (ضمہ، فتحہ، کسرہ) کے تغیر و تبدل سے جیسے اَسَدٌ سے اُسُدٌ اور کبھی کسی سے حرف کو حذف کر کے جیسے رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ اور کبھی بعض حروف کے اضافہ سے جمع بنا لیتے ہیں جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ وغیرہ

ذیل میں جمع تکسیر کے کچھ اوزان لکھے جاتے ہیں ان کو یاد کر لو۔ اَفْعَلٌ، مَفَاعِلُ، مَفَاعِيْلُ، فُعَلٌ، فُعُوْلٌ، فِعَالٌ، اَفْعِلَةٌ، فُعَلَاءُ، اَفْعِلَاءُ، فَوَاعِلُ، فَعَائِلُ، فَعَالِيْلُ، فَعَالِلَةُ (الفاظ غیر منصرف ہیں ان پر تنوین نہیں آئے گی)

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۳) مشق نمبر (۱۳)

خالی جگہیں مناسب صفات سے پر کریں۔

(۱) اَلْاَزْهَارُ.......... (۲) اَلْمَلَابِسُ.......... (۳) عَمُوْدَانِ..........

(۴) اَلْمَنْظَرُ .... (۵) اَللَّيَالِيْ .... (۶) اَلْبَقَرَاتُ..........

(۷) اَلْحَدَائِقُ .... (۸) كُرْسِيَّانِ .... (۹) اَلْفَلَّاحُوْنَ ....

(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ .... (۱۱) تُفَّاحَتَانِ .... (۱۲) سَلْمَانُ ....

حل: مکمل مرکبات:

(۱) اَلْاَزْهَارُ الْجَمِيْلَةُ (۲) اَلْمَلَابِسُ الْجَدِيْدَةُ (۳) عَمُوْدَانِ ثَقِيْلَانِ

(۴) اَلْمَنْظَرُ الْعَجِيْبُ (۵) اللَّيَالِيْ الْقَصِيْرَةُ (۶) اَلْبَقَرَاتُ الْحَامِلَةُ

(۷) اَلْحَدَائِقُ الْكَبِيْرَةُ (۸) كُرْسِيَّانِ جَدِيْدَانِ (۹) اَلْفَلَّاحُوْنَ الْمُجْتَهِدُوْنَ

(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ الْقَانِتَاتُ (۱۱) تُفَّاحَتَانِ حَامِضَتَانِ (۱۲) سَلْمَانُ الْمُهَنْدِسُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۴) مشق نمبر ۱۴

خالی جگہیں پر کریں۔

(۱) .... اَلْمُمْطِرَةُ (۲) .... اَلضَّئِيْلُ

(۳) .... اَللُّعُوْبَانِ (۴) .... اَلْمَكْرُوْنَ

(۵) .... مُتَلَالِئٌ (۶) .... اَلْفَائِزَتَانِ

(۷) .... اَلْمُوْرِقَةُ (۸) .... اَلْقَوِيَّانِ

(۹) .... النَّاجِحُوْنَ (۱۰) .... عَفِيْفَتَانِ

(۱۱) .... اَلْعَابِدَاتُ (۱۲) .... مُجْتَهِدَاتٌ

مکمل جملے

(۱) اَلسَّحَابَةُ الْمُمْطِرَةُ (برسنے والے بادل)	(۷) اَلْاَشْجَارُ الْمُوْرِقَةُ (پتے دار درخت)
(۲) اَلنُّوْرُ الضَّئِيْلُ (مدھم روشنی)	(۸) اَلْجُنْدِيَانِ الْقَوِيَّانِ (دو طاقتور فوجی)
(۳) اَلْوَلَدَانِ اللَّعُوْبَانِ (دو کھلنڈرے لڑکے)	(۹) اَلطَّلَبَةُ النَّاجِحُوْنَ (کامیاب طلبہ)
(۴) اَلْاَوْلَادُ الْبَارُّوْنَ (نیک لڑکے)	(۱۰) اِمْرَاَتَانِ عَفِيْفَتَانِ (دو پاکدامن عورتیں)
(۵) عِقْدٌ مُتَلَاْلِئٌ (ایک قیمتی ہار)	(۱۱) اَلنِّسَآءُ الْعَابِدَاتُ (عبادت کرنے والی عورتیں)
(۶) اَلتِّلْمِيْذَتَانِ الْفَائِزَتَانِ (دو کامیاب طالبات)	(۱۲) تِلْمِيْذَاتٌ مُجْتَهِدَاتٌ (چند محنتی طالبات)

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۵) مشق نمبر ۱۵

عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) عربی مدرسے اَلْمَدَارِسُ الْعَرَبِيَّةُ	(۲) تعلیم یافتہ لڑکیاں اَلْبَنَاتُ الْمُتَعَلِّمَاتُ	(۳) مومن عورتیں اَلنِّسَاءُ الْمُؤمِنَاتُ
(۴) نیک مائیں اَلْاُمَّهَاتُ الصَّالِحَاتُ	(۵) ایک خوبصورت آئینہ مِرْاٰةٌ جَمِيْلَةٌ	(۶) گلاب کا سرخ پھول اَلْوَرْدَةُ الْحَمْرَآءُ
(۷) خوشگوار موسم اَلْفَصْلُ الرَّائِقُ	(۸) دو خوبصورت پارک اَلْحَدِيْقَتَانِ الْجَمِيْلَتَانِ	(۹) بہتی نہریں اَلْاَنْهَارُ الْجَارِيَاتُ

(۱۰) دو چمکدار ستارے اَلنَّجْمَانِ اللَّامِعَانِ	(۱۱) چاندنی راتیں اَللَّيَالِي الْمُقْمِرَةُ	(۱۲) دلفریب منظر اَلْمَنْظَرُ الْخَلَّابُ
(۱۳) کچھ پھلدار درخت اَشْجَارٌ مُثْمِرَةٌ	(۱۴) ہری ٹہنیاں اَلْغُصُوْنُ الْخَضْرَآءُ	(۱۵) خائن وزراء اَلْوُزَرَاءُ الْخَائِنُوْنَ
(۱۶) مغربی تہذیب وتمدن اَلثَّقَافَةُ الْغَرْبِيَّةُ	(۱۷) عدل وانصاف کرنیوالی قاضی اَلْقُضَاةُ الْمُنْصِفُوْنَ	(۱۸) بے پردہ عورتیں اَلنِّسَآءُ الْكَاشِفَاتُ
(۱۹) قومی ترانہ اَلنَّشِيْدُ الْوَطَنِيُّ	(۲۰) میٹھے گیت اَلْاَغَانِي الْعَذْبَةُ	

اَلتَّمْرِيْنُ فِي الْاِنْشَاء (۱۶) (مشق نمبر ۱۶ انشاء کے متعلق)

۱۔ اپنی درسگاہ سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ ایسے جملے لکھو کہ واحد تثنیہ وجمع اور تذکیر وتانیث آجائے۔

(۱) غُرْفَةُ فَصْلِي وَسِيْعَةٌ تَسَعُ عَدَدًا مَلْحُوْظًا مِنَ الطُّلَّابِ

(۲) وَ فِي غُرْفَةِ فَصْلِيَ فُرِشَتْ بِسَاطٌ اِيْرَانِيَّةٌ

(۳) وَفِيهَا شُبَّاكَانِ مِنَ الْخَشَبَةِ وَبَابٌ مِنَ الْحَدِيْدِ و خِزَانَتَانِ مِنَ الزُّجَاجِ

(۴) وَفِيْهَا مِرْوَحَتَانِ سَقْفِيَةٌ

(۵) وَدَاخِلُهَا مُنَوَّرٌ بِمَصَابِيْحَ كَهْرُبَائِيَةٍ

(۶) وَ بِالْجُمْلَةِ غُرْفَتِيْ مُزَيَّنَةٌ بِاَشْيَاءِ اللَّوَازِمِ التَّعْلِيْمِيَّةِ

۲۔ اپنی تعلیم سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ جملے لکھو واحد تثنیہ جمع اور تذکیر وتانیث آجائے۔

(۱) نَحْنُ زُمَلَاءُ الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةِ لَا نَحْتَاجُ اِلٰى اَحَدٍ فِي شَيْءٌ مِنَ الْاَدَوَاتِ

الدَّرْسِيَّةُ

(۲) يَحْتَفِظُ كُلُّ طَالِبٍ عِنْدَهُ بِحَقِيْبَةٍ مَتِيْنَةٍ ذَاتَ كِبْسَيْنِ وَسِيْعَيْنِ

(۳) يَجْمَعُ فِيْهَا كُتُبًا دَرْسِيَّةً وَكَرَارِيْسَ عَدِيْدَةً

(۴) وَيَحْتَفِظُ اَيْضًا بِمِحْبَرَةٍ كَبِيْرَةٍ وَلَاشِيًا صَغِيْرَةٍ

(۵) فِيْهَا دَوَاتَانِ مَمْلُوْءَتَانِ

(۶) وَمُوَفَّرَةٌ عِنْدَنَا سَبُّوْرَةٌ سَوْدَاءُ وَطَاوِلَةٌ طَوِيْلَةٌ اَيْضًا

۳۔ اپنے دارالاقامہ سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ ایسے جملے لکھو واحد تثنیہ جمع اور تذکیر وتانیث آ جائے۔

(۱) دَارُ اِقَامَتِنَا مُحْتَوِيَةٌ عَلٰى مَبْنًى رَائِعٍ مَشِيْدٍ۔

(۲) هٰذَا الْمَبْنَى الْجَمِيْلُ مُشْتَمِلٌ عَلٰى مَنْزِلَيْنِ ضَخْمَيْنِ۔

(۳) كُلُّ مَنْزِلٍ يَتَضَمَّنُ صَفًّا سَوِيًّا مِنْ حُجُرَاتٍ رَصِيْفَةٍ۔

(۴) فِيْ كُلِّ حُجْرَةٍ بُسُطٌ مَصْفُوْفَةٌ لِلطُّلَّابِ الْمُقِيْمِيْنَ

(۵) اَلْمَنْزِلُ اَعْلٰى مُخْتَصٌّ بِالطُّلَّابِ الْكِبَارِ وَالْمَنْزِلُ الْاَسْفَلُ مُخْتَصٌّ بِالطُّلَّابِ الصِّغَارِ

(۶) وَالْحُجْرَتَانِ الْوَسِيْعَتَانِ مُخْتَصَّتَانِ لِلْاَسَاتِذَةِ الْمُشْرِفِيْنَ عَلَى الطُّلَّابِ

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ

(پانچواں سبق)

مرکب اضافی

مرکب اضافی دو اسموں کے ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں پہلے اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو جیسے كِتَابُ سَعِيْدٍ، بَيْتُ خَالِدٍ۔ مرکب اضافی کے پہلے اسم کو جس کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی جا رہی ہو۔ مضاف اور دوسرے اسم کو (جس کی طرف نسبت کی گئی ہو) مضاف الیہ کہتے ہیں۔

(۱) مضاف اور مضاف الیہ دونوں اسم ہوا کرتے ہیں۔[1]

فائدہ: اضافت سے اسم میں تخصیص اور تعیین کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً بَيْتُ خَالِدٍ میں اگر تم صرف لفظ بَيْتٌ کہو تو اس سے کوئی ایک غیر متعین ہی گھر مراد ہوگا۔ لیکن جب بیت کو مضاف بنا کر اس کی اضافت خالد کی طرف کر دو تو پھر بیت کی تعیین ہو جائے گی اور اس سے ایک مخصوص گھر (خالد کا گھر) سمجھا جائے گا نہ کہ کوئی سا گھر۔

فائدہ: (۱) اردو میں مضاف الیہ پہلے ہوتا ہے اور مضاف بعد میں ہوتا ہے لیکن عربی میں اس کے برعکس ہوتا ہے یعنی مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد میں جیسے كِتَابُ خَالِدٍ (خالد کی کتاب) اِبْنُ مَحْمُوْدٍ (محمود کا بیٹا) وغیرہ۔

فائدہ: (۲) اردو میں اضافت کا ترجمہ "کا، کے، کی" سے کیا جاتا ہے اور جب ضمائر کی طرف اضافت ہو تو ضمیر غائب کے لئے اس کا ضمیر مخاطب کے لئے "تیرا" اور ضمیر متکلم کے لئے "میرا" اور "اپنا" سے ترجمہ کیا جاتا ہے۔ مبتدی طلبہ ضمائر کے ترجمہ میں خصوصاً اپنا وغیرہ میں غلطیاں کرتے ہیں۔ مثلاً جب کہنا ہو کہ خالد اپنے گھوڑے پر سوار ہوا تو رَكِبَ خَالِدٌ فَرَسَهُ کہا جائے گا لیکن اس کے بجائے میں اس کے گھوڑے پر سوار ہوا تو رَكِبْتُ فَرَسَهُ کہا جائے گا اور میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوا کے لئے رَكِبْتُ فَرَسِيْ کہا جائے گا۔

---

[1] کبھی مضاف الیہ جملہ بھی ہوا کرتا ہے۔ (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں)

(۲) مضاف اسم نکرہ اور مضاف الیہ اکثر معرفہ اور کبھی نکرہ بھی ہوا کرتا ہے۔

(۳) مضاف پر "ال" اور تنوین (ـً ـٍ ـٌ) نہیں آتی لیکن مضاف الیہ پر "ال" اور تنوین دونوں ہی آتے ہیں۔

(۴) مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوا کرتا ہے۔

(۵) اضافت میں مضاف سے تنوین ہی کی طرح اس کے نون جمع اور نون تثنیہ بھی گر جاتے ہیں۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ الْهِنْدِ سے مُسْلِمُوْ الْهِنْدِ اور کِتَابَانِ خَالِدٍ سے کِتَابَا خَالِدٍ وغیرہ۔

(۶) کبھی ایک ہی ترکیب میں کئی مضاف الیہ ہوتے ہیں جیسے بَابُ بَيْتِ صَدِيْقِكَ، لَوْنُ قَلَنْسُوَةِ مَحْمُوْدٍ ایسی صورت میں درمیانی مضاف الیہ چونکہ مابعد کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو جر (کسرہ) تو ہوگا مگر اس پر تنوین اور "ال" نہیں آئے گا۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۷) مشق نمبر (۱۷)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) ضَوْءُ الْقَمَرِ چاند کی روشنی	(۲) ظَلَامُ اللَّيْلِ رات کا اندھیرا	(۳) فَصْلُ الْمَطَرِ بارش کا موسم
(۴) شَاطِئُ النَّهْرِ نہر کا کنارہ	(۵) جَمَالُ الطَّبِيْعَةِ فطری حسین	(۶) اٰيَةُ اللّٰهِ اللہ کی نشانی
(۷) نَبَاتُ الْاَرْضِ زمین کی پیداوار	(۸) سَنَامُ الْجَبَلِ پہاڑ کی چوٹی	(۹) غُصْنُ الشَّجَرِ درخت کی ٹہنی
(۱۰) تَغْرِيْدُ الطُّيُوْرِ پرندوں کا چہچہانا	(۱۱) حَدِيْقَةُ مَحْمُوْدٍ محمود کا باغ	(۱۲) دَارُ غَنِيٍّ غنی کا گھر

(۱۳) إِكْرَامُ الضُّيُوفِ مہمانوں کی تعظیم	(۱۴) خِدْمَةُ الدِّيْنِ دین کی خدمت	

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۸) مشق نمبر (۱۸)

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب اضافی کے جملے بناؤ۔

اَلْبَرْقُ، اَلْبَيْتُ، اَلْفِيْلُ، رَمَضَانُ، اَلْفَرَسُ، اَلْحُجْرَةُ، اَلْكَأْسُ، اَلْعِنَبُ، اَلسَّقْفُ، اَللَّمَعَانُ، اَلسَّيْرُ، اَلْجَنَاحُ، اَلْخُرْطُوْمُ، اَلزُّجَاجُ، اَلْعِنَانُ، اَلْمَاءُ، اَلْقِطَارُ، اَلصَّوْمُ، اَلْبَابُ، اَلطَّيْرُ۔

حل مرکب اضافی کے جملے:

لَمَعَانُ الْبَرْقِ، بَابُ الْبَيْتِ، خُرْطُوْمُ الْفِيْلِ، صَوْمُ رَمَضَانَ، عِنَانُ الْفَرَسِ، سَقَفُ الْحُجْرَةِ، كَأْسِ الزُّجَاجِ، اَلْمَاءُ الْعِنَبُ، سَيْرُ الْقِطَارِ، جَنَاحُ الطَّيْرِ۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۹) مشق نمبر (۱۹)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) بجلی کی چمک لَمَعَانُ الْبَرْقِ	(۲) سورج کی گرمی حَرَارَةُ الشَّمْسِ	(۳) آسمان کا رنگ لَوْنُ السَّمَآءِ
(۴) باغ کا منظر مَنْظَرُ الْبُسْتَانِ	(۵) پھولوں کی مہک أَرِيْجُ الْأَزْهَارِ	(۶) ہرن کا شکار صَيْدُ الْغَزَالِ
(۷) پرندہ کا گوشت لَحْمُ الطَّيْرِ	(۸) محمود کی بندوق بُنْدُقِيَةُ مَحْمُوْدٍ	(۹) چاند کی گھڑی سَاعَةُ الْفِضَّةِ

(۱۰) لوہے کا صندوق صَنْدُوْقُ الْحَدِيْدِ	(۱۱) رسول ﷺ کی تعلیم تَعْلِيْمُ الرَّسُوْلِ	(۱۲) اخلاق کی پاکیزگی طَهَارَةُ الْخُلُقِ
(۱۳) مومن کے ارادے عَزَائِمُ الْمُؤْمِنِ	(۱۴) دین کا غلبہ غَلَبَةُ الدِّيْنِ	(۱۵) رب کی خوشنودی رِضَى الرَّبِّ

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۰) (مشق نمبر ۲۰)

تثنیہ وجمع کی اضافت

اردو میں ترجمہ کریں

(۱) يَدُ الطِّفْلِ بچے کا ہاتھ	(۲) عَيْنَا الظَّبْيِ ہرن کی دو آنکھیں	(۳) جَنَاحَا الطَّيْرِ پرندے کے دونوں بازو
(۴) شَاطِئَا النَّهْرِ نہر کے دونوں کنارے	(۵) رَاكِبُوْ السَّفِيْنَةِ کشتی کے سوار	(۶) قَاطِنُوْ الْجِبَالِ پہاڑوں کے باشندے
(۷) صَادِقُوْ الْوَعْدِ وعدے کے سچے	(۸) مُعَلِّمُوْ الْمَدْرَسَةِ مدرسہ کے اساتذہ	(۹) مِصْرَاعَا الْبَابِ دروازہ کے دونوں کواڑ
(۱۰) عَجَلَتَا الدَّرَّاجَةِ سائیکل کے دونوں پہیے	(۱۱) مُحْسِنُوْ الْأُمَّةِ امت کے محسن	(۱۲) خَادِمُوْ الدِّيْنِ دین کے خدام

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۱) مشق نمبر (۲۱)

مندرجہ ذیل الفاظ کی اضافت مناسب اسماء کی طرف کریں۔

(۱) عَيْنَانِ (۲) الْعَقْرَبَانِ (۳) مَنَارَتَانِ (۴) لَابِسُوْنَ
(۵) بَائِعُوْنَ (۶) الْمَدَارِسُ (۷) الْمُهَاجِرُوْنَ (۸) سَائِقُوْنَ
(۹) الْأُذُنَانِ (۱۰) لَمَعَانِ (۱۱) اَلسِّنَانِ (۱۲) الْمُسَافِرُوْنَ

حل:

(۱) عَيْنَا زَيْدٍ (۲) عَقْرَبَا السَّاعَةِ (۳) مَنَارَتَا الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

(۴) لَابِسُوْ الْقُمُصِ (۵) بَائِعُوْ الْأَثْمَارِ (۶) مَدَارِسُ الْعَرَبِيَّةِ

(۷) مُهَاجِرُوْ الْهِنْدِ (۸) سَائِقُوْ السَّيَّارَاتِ (۹) أُذُنَا الطِّفْلِ

(۱۰) لَمَعَانُ النُّجُوْمِ (۱۱) سِنَانُ الرُّمْحِ (۱۲) مُسَافِرُوْ مَدِيْنَةَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۲) (مشق نمبر (۲۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) مومن کی فراست فِرَاسَةُ الْمُؤْمِنِ	(۲) ایمان کی روشنی نُوْرُ الْإِيْمَان	(۳) کفر کی تاریکی ظُلْمَةُ الْكُفْرِ
(۴) چیونٹی کی سمجھ فَهْمُ النَّمْلَةِ	(۵) اونٹ کی گردن رَقَبَةُ الْبَعِيْرِ	(۶) ہاتھی کے دو دانت سِنَّا الْفِيْلِ
(۷) شترمرغ کی دو ٹانگیں رِجْلَا النَّعَامَةِ	(۸) ابراہیم کے دو بیٹے اِبْنَا اِبْرَاهِيْم	(۹) باپ کے اطاعت گزار مُطِيْعُوْ الْأَبِ
(۱۰) خانہ کعبہ کے معمار بَنَّاؤُ الْكَعْبَةِ	(۱۱) مکہ کے دو مسافر مُسَافِرَا مَكَّةَ	(۱۲) مسجد نبوی کے زائرین زَائِرُوْا الْمَسْجِدِ النَّبَوِيِّ
(۱۳) رسولؐ کے اصحاب اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ	(۱۴) عہد کے لئے (پورا کرنے والے) مُوْفُوْ الْعَهْدِ	(۱۵) بات کے سچے صَادِقُوْا الْقَوْلِ
(۱۶) مہمانوں کی تعظیم کرنیوالے مُكْرِمُوْا الضُّيُوْفِ	(۱۷) اللہ کے رسولؐ رُسُلُ اللّٰهِ	(۱۸) اخلاق کے معلم مُعَلِّمُوْا الْأَخْلَاقِ

(۱۹) وطن کے پرستار مُحِبُّوا الْوَطَنِ	(۲۰) دین کے دشمن مُبْغِضُوا الدِّيْنِ	

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۳) (مشق نمبر (۲۳)

مضاف الیہ جب متعدد ہوں

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) خِصْبُ اَرْضِ الْهِنْدِ ہندوستان کی زمین کی شادابی	(۲) ثَرْوَةُ بِلَادِ اَمْرِيْكَا امریکی ممالک کی دولت
(۳) لَوْنُ قَلَنْسُوَةِ مَحْمُوْدٍ محمود کی ٹوپی کا رنگ	(۴) ثَمَنُ عِقْدِ فَاطِمَةَ فاطمہ کے ہار کی قیمت
(۵) طُوْلُ مِنْشَفَةِ اَحْمَدَ احمد کے تولیے کی لمبائی	(۶) نَسْجُ جَوْرَبِ حَامِدٍ حامد کے جراب کی بناوٹ
(۷) صُوْفُ قُفَّازَيْ هِشَامٍ ہشام کے دونوں دستانوں کی اون	(۸) خَشْخَشَةُ قُبْقَابِ مَسْعُوْدٍ مسعود کے دونوں کھڑاؤں کی کھڑکھڑاہٹ
(۹) حَفْحَفَةُ جَنَاحِ الطَّيْرِ پرندے کے پر کی پھڑپھڑاہٹ	(۱۰) فَخْفَخَةُ اَغْنِيَاءِ اَوَدْه اودھ کے امراء کی ٹیپ ٹاپ
(۱۱) خَشَبَةُ مِصْرَاعَيِ الْبَابِ دروازے کے دو کواڑوں کی لکڑی	(۱۲) سَعْيُ مُحِبِّي الدِّيْنِ دین کے ساتھ محبت کرنیوالوں کی کوشش
(۱۳) طَاعَةُ اَحْكَامِ الرَّسُوْلِ رسول کے احکام کی پیروی	(۱۴) سِرُّ غَلَبَةِ الْاِسْلَامِ اسلام کے غلبہ کا راز

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۴) (مشق نمبر ۲۴)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اللہ کے گھر کی عظمت عَظْمَةُ بَيْتِ اللّٰهِ	(۲) نوحؑ کی کشتی کے سوار رَاكِبُوْ السَّفِيْنَةِ نُوْحٍ
(۳) دیہات کے باشندوں کی زندگی عَيْشُ سُكَّانُ الْقَرَوِيِّيْنَ	(۴) ہندوستان کے کارخانوں کے مزدور عُمَّالُ مَصَانِعِ الْهِنْدِ
(۵) انڈونیشیا کے مسلمانوں کی زبان لُغَتُ مُسْلِمِي اِنْدُوْنِيْشِيَا	(۶) عمر بن عبدالعزیز کا عدل اِنْصَافُ عُمَرَ بِنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ
(۷) گلاب کے پھول کی سرخی حُمْرَةُ الْوَرْدَةِ	(۸) شعیب کے قلم کا رنگ لَوْنُ قَلَمِ شُعَيْبٍ
(۹) کاریگر کے ہاتھ کی صفائی (تیزی) سُرْعَةُ يَدِ الصَّانِعِ	(۱۰) حسن کی گھڑی کا ڈائل مِيْنَاءُ سَاعَةِ حَسَنٍ
(۱۱) دیوار کی گھڑی کی دو سوئیاں عَقْرَبَا سَاعَةِ الْجِدَارِ	(۱۲) گھنٹے کے بجنے کی آواز صَوْتُ دَقِّ الْجَرْسِ

اَلتَّمْرِیْنُ (۲۵) مشق نمبر (۲۵)

ضمیر[1] کی اضافت

---

[1] ضمیر: ایک اسم معرفہ ہے۔ جو غائب یا مخاطب یا متکلم کی طرح استعمال ہوتا ہے جیسے هُوَ (وہ) اَنْتَ (تو) اَنَا (میں) نَحْنُ (ہم)

ضمیر کی دو قسمیں ہیں متصل اور منفصل

ضمیر متصل: اس ضمیر کو کہتے ہیں جو دوسرے کلمہ کے ملے بغیر استعمال نہ ہوتی ہو (بخلاف ضمیر منفصل کے) یہ ضمیر کبھی فعل کے ساتھ آتی ہے جیسے ضَرَبَهُ اور ضَرَبْتُهُ (اس نے اس کو مارا) (میں نے اس کو مارا)۔ ضَرَبْتُهُمَا (میں نے ان دونوں کو مارا) اور کبھی اسم کے ساتھ ہوتی ہے جیسے کِتَابُهُ (اس کی کتاب) اور کبھی حرف کے ساتھ ہوتی ہے جیسے بِهٖ، لَهٗ، عَلَيْهِ وغیرہ۔

یہ ضمیر فعل کے ساتھ جب آتی ہے تو منصوب ہوتی ہے اور اسم یا حرف کے ساتھ ملتی ہے تو ہمیشہ مجرور ہوا کرتی ہے پہلی صورت میں ضمیر منصوب کہلاتی ہے اور دوسری و تیسری صورت میں ضمیر مجرور متصل کہلاتی ہے۔

اسم کے ساتھ ملنے کی صورت میں اسم مضاف اور ضمیر مضاف الیہ ہوگی اسی لئے اس کو ضمیر اضافی بھی کہتے ہیں۔ ذیل میں ضمیر اضافی کا نقشہ دیا جاتا ہے۔

ضمیر اضافی یا ضمیر مجرور متصل

	غائب			مخاطب			متکلم	
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ و جمع
مذکر	كِتَابُهٗ	كِتَابُهُمَا	كِتَابُهُمْ	كِتَابُكَ	كِتَابُكُمَا	كِتَابُكُمْ	كِتَابِي	كِتَابُنَا
مؤنث	كِتَابُهَا	كِتَابُهُمَا	كِتَابُهُنَّ	كِتَابُكِ	كِتَابُكُمَا	كِتَابُكُنَّ		

اور حرف کے ساتھ جیسے لَهٗ، لَهُمَا، لَهُمْ، لَهَا، لَهُمَا، لَهُنَّ، لَكَ، لَكُمَا، لَكُمْ، لَكِ، لَكُمَا، لَكُنَّ، لِيْ، لَنَا

اور ضمیر منصوب متصل کی صورت میں حسب ذیل ہوگی۔

ضَرَبْتُهٗ، ضَرَبْتُهُمَا، ضَرَبْتُهُمْ، ضَرَبْتُهَا، ضَرَبْتُهُمَا، ضَرَبْتُهُنَّ، ضَرَبْتُكَ، ضَرَبْتُكُمَا، ضَرَبْتُكُمْ، ضَرَبْتُكِ، ضَرَبْتُكُمَا، ضَرَبْتُكُنَّ، ضَرَبْتَنِيْ، ضَرَبْتَنَا

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۱) رِيْشَةُ قَلَمِيْ میرے قلم کا نب	(۲) قَوَائِمُ مِنْضَدَتِهٖ اس کے ڈیسک کے پائے	(۳) صُفْرَةُ وَجْهِكَ تیرے چہرے کی زردی
(۴) صِدْقُ مَقَالَتِهِمْ ان کے قول کی سچائی	(۵) مُعَلِّمُوْ اَبْنَاءِ نَا ہمارے بیٹوں کے اساتذہ	(٦) شُعَرَاءُ بِلَادِكُمْ تمہارے ملک کے شعراء
(۷) مُصَارَعَةُ اِبْنَيْكُمَا تم دونوں کے بیٹوں کی کشتی	(۸) دُمْيَةُ بِنْتِهَا اس عورت کی بیٹی کی گڑیا	(۹) لَوْنُ خِمَارِكِ تیرے دوپٹے کا رنگ
(۱۰) ثَمَنُ اَسْوِرَتِهِمَا ان دونوں کے کنگنوں کی قیمت	(۱۱) حِذْقُ بَنَاتِكُنَّ تمہاری بیٹیوں کی مہارت	(۱۲) سِيَاحَةُ زَوْجَيْكُمَا تم دونوں کے شوہروں کی سیر
(۱۳) رِقَّةُ قُلُوْبِهِنَّ ان سب عورتوں کے دلوں کی نرمی	(۱۴) زُعَمَاءُ بِلَادِنَا ہمارے ملک کے لیڈر	

(بقیہ حاشیہ)

ضمیر منفصل: اس ضمیر کو کہتے ہیں کہ جس کا استعمال دوسرے کلمہ کے ساتھ ملائے بغیر ہوتا ہے جیسے هُوَ، هِيَ (وہ) هُمَا (وہ دونوں) هُمْ (وہ سب یا اِيَّاكَ (تجھ کو) اِيَّاكُمَا (تم دونوں کو) اِيَّاكُمْ (تم سب کو)

ضمیر منفصل کی صرف دو قسمیں ہیں۔

(۱) ایک وہ جو رفع کے ساتھ مختص ہیں اور ہمیشہ وہ مرفوع ہوتی ہیں انہیں ضمیر فاعلی بھی کہا جاتا ہے۔

(۲) دوسرے وہ جو نصب کے ساتھ مختص ہیں اور ہمیشہ منصوب ہی ہوا کرتے ہیں ان کو ضمیر مفعولی بھی کہتے ہیں۔

ضمیر مرفوع منفصل یا ضمیر فاعلی حسب ذیل ہیں۔

مذکر	هُوَ، هُمَا، هُمْ	اَنْتَ،	اَنْتُمَا	اَنْتُمْ	اَنَا، نَحْنُ
مؤنث	هِيَ، هُمَا، هُنَّ	اَنْتِ	اَنْتُمَا	اَنْتُنَّ	اَنَا، نَحْنُ

ضمیر منصوب منفصل یا ضمیر مفعولی یہ ہیں۔

مذکر	اِيَّاهُ، اِيَّاهُمَا، اِيَّاهُمْ، اِيَّاكَ، اِيَّاكُمَا، اِيَّاكُمْ	اِيَّايَ، اِيَّانَا
مؤنث	اِيَّاهَا، اِيَّاهُمَا، اِيَّاهُنَّ، اِيَّاكِ، اِيَّاكُمَا، اِيَّاكُنَّ	

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۶) مشق نمبر (۲۶)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) میرے باغ کا منظر مَنْظَرُ حَدِيْقَتِيْ	(۲) تیرے گھر کی دیوار جِدَارُ بَيْتِكَ
(۳) اس کے لڑکے کا گیند كُرَّةُ ذَالِكَ الْوَلَدِ	(۴) تم مردوں کی تیراندازی رَمْيُكُمْ
(۵) ان دو مردوں کی بہادری کا چرچا شُهْرَةُ شُجَاعَتِهِمَا	(۶) ہمارے ملک کی آب وہوا جَوُّ بِلَادِنَا
(۷) تمہارے ملک کے سیاح سَيَّاحُوْا وَطَنِكُمْ	(۸) اس کے پازیب کی قیمت ثَمَنُ خَلْخَالِهَا
(۹) تیرے کان کی بالی قُرْطُ اُذُنِكِ	(۱۰) تمہارے شوہر کی شہادت شَهَادَةُ اَزْوَاجِكُنَّ
(۱۱) ان عورتوں کے رونے کا اثر اَثَرُ بُكَائِهِنَّ	(۱۲) ان عورتوں کے بچوں کی تعلیم تَعْلِيْمُ اَوْلَادِهِمَا
(۱۳) ان لوگوں کے علم کی شہرت شُهْرَةِ عِلْمِهِمْ	(۱۴) ہمارے اسلاف کے کارنامے مَآثِرُ اَسْلَافِنَا

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۷) مشق نمبر ۲۷

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلصُّبْحُ الْمُسْفِرُ وَبَهْجَتُهٗ روشن صبح اور اس کا مسرور کن ہوتا	(۲) اَلشَّعْرُ الْفَاحِمُ وَحُسْنُهٗ سیاہ بال اور اُن کا حسن

(۳) بَيَاضُ الصُّبْحِ وَرَائِقَتُهٗ صبح کی سفیدی اوراس کی خوشگواری	(۴) سَوَادُ الشَّعْرِ وَطِوَالَتُهٗ بالوں کی سیاہی اوران کی لمبائی
(۵) قَفْزُ الْوَلَدَيْنِ وَهَرْوَلَتُهُمَا دو بچوں کا کودنا اوران کا دوڑنا	(۶) سَاكِنُوْ الْبَادِيَةِ وَسَذَاجَتُهُمْ گاؤں کے رہائشی اوران کی سادگی
(۷) اَلْفَتَيَاتُ الْاَفْرَنْجِيَاتُ وَسُفُوْرُهُنَّ فرنگی لڑکیاں اورانکی بے حجابی	(۸) زَئِيْرُ الْاَسَدِ وَهَيْبَتُهٗ شیر کا دھاڑنا اوراس کا خوف
(۹) اَلْحِمَارُ النَّاهِقُ وَحَمَاقَتُهٗ ہینگنے والا گدھا اوراس کی بیوقوفی	(۱۰) اَلْكَلْبُ الْعَضُوْضُ وَنُبَاحُهٗ کاٹنے والا کتا اوراس کا بھونکنا
(۱۱) اَلْقِطُّ الْجَائِعُ وَمُوَاءُهٗ بھوکا بلا اوراس کا میاؤں میاؤں کرنا	(۱۲) اَلْقَلَمُ الْمُحَبَّرُ وَرِيْشَتُهٗ سیاہی والا قلم اوراس کا نب
(۱۳) عَقْرَبَا السَّاعَةِ وَمِيْنَاءُهَا گھڑی کی دوسوئیاں اوراس کا ڈائل	(۱۴) اَلْفَرَسُ الْجَامِحُ وَصَهِيْلُهٗ سرکش گھوڑا اوراس کا ہنہنانا

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۷) مشق نمبر ۲۷

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) زمزم کا کنواں اوراس کا پانی بِئْرُ زَمْزَمَ وَمَاءُهَا	(۲) چاندی کی انگوٹھی اوراس کا نگینہ خَاتَمُ الْفِضَّةِ وَفَصُّهٗ
(۳) مسجد کے دو مینارے اوران کی بلندی مَنَارَتَا الْمَسْجِدِ وَعُلُوُّهُمَا	(۴) عرب کے باشندے اوران کی زبان سُكَّانُ الْعَرَبِ وَلُغَتُهُمْ

(۵) رسول اللہ کے اصحاب اوران کی سیرت اَصْحَابُ الرَّسُوْلِ وَسِيْرَتُهُمْ	(۶) انبیاء کی بعثت اوران کے پیغامات بِعْثَةُ الرُّسُلِ وَرِسَالَاتُهُمْ
(۷) اسلامی نظام اوراس کے محاسن اَلنِّظَامُ الْإِسْلَامِيُّ وَمَحَاسِنُهُ	(۸) مغربی تہذیب اوراس کے نقصانات اَلْحَضَارَةُ الْعَرَبِيَّةُ ومَضَارُّهَا
(۹) انگریزوں کی سیاست اوران کی چالبازی (ہوشیاری) سِيَاسَةُ الْاَفْرَنْجِ ودَهَائُهُمْ	(۱۰) عربوں کی مہمان نوازی اوران کی سخاوت ضِيَافَةُ الْعَرَبِ وجُوْدُهُمْ
(۱۱) میری تلوار کی چمک اوراس کی دھار لَمْعَانُ سَيْفِي وحَدُّهُ	(۱۲) تیری تلوار کا دستہ اوراس کا نیام قَائِمَةُ سَيْفِكَ وَغِمْدُهُ
(۱۳) فاطمہ کی گڑیا اوراس کے کھلونے دُمْيَةُ فَاطِمَةَ وَلُعَبُهَا	(۱۴) احمد کا گیند اوراس کا لٹو كُرَةُ اَحْمَدَ وَدُوَّامَتُهُ
(۱۵) محمود کی سائیکل اوراس کے دونوں پہیے دَرَّاجَةُ مَحْمُوْدٍ وَعَجَلَتَاهَا	(۱۶) دو موٹے بیل اوران کا ڈکارنا اَلثَّوْرَانِ السَّمِيْنَانِ وَخُوَارُهُمَا
(۱۷) ایک خوبصورت گائے اوراس کی دونوں سینگیں بَقَرَةٌ جَمِيْلَةٌ وقَرْنَاهَا	(۱۸) اونٹ کی گردن اوراس کے پائے رَقَبَةُ الْبَعِيْرِ وَقَوَائِمُهُ
(۱۹) تیرے گھوڑے کی زین اوراس کی لگام سَرْجُ فَرَسِكَ وَلِجَامُهُ	(۲۰) ہمارا دارالاقامہ اوراس کے کمرے دَارُ اِقَامَتِنَا وغُرَفُهَا
(۲۱) تیر گھر کی چھت اوراس کی دیواریں سَقْفُ دَارِكَ وَجُدْرَانُهَا	

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

(چھٹا سبق)

مرکب تام (مرکب مفید)

مرکب تام کی تعریف تیسرے سبق میں گزر چکی ہے۔ اسی کو جملہ مفیدہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ جملہ مفیدہ کا اگر پہلا جز اسم ہو تو جملہ اسمیہ کہلاتا ہے اور اگر پہلا جز فعل ہو تو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔ مثالیں حسب ذیل ہیں۔

جملہ اسمیہ: جیسے اَلْوَلَدُ قَائِمٌ (لڑکا کھڑا ہے) یا اَلْوَلَدُ يَقُوْمُ (لڑکا کھڑا ہوتا ہے) فَاطِمَةُ جَالِسَةٌ (فاطمہ بیٹھی ہے) یا فَاطِمَةُ تَجْلِسُ (فاطمہ بیٹھتی ہے) یہ سب جملہ اسمیہ ہیں کیونکہ ان کا پہلا جز اسم ہے۔

جملہ فعلیہ: جیسے قَامَ الْوَلَدُ (لڑکا کھڑا ہے) یا يَقُوْمُ الْوَلَدُ (لڑکا کھڑا ہوتا ہے) یہ سب جملہ فعلیہ ہیں کیونکہ ان کا پہلا جز فعل ہے۔ جملہ فعلیہ کا بیان درس نمبر ۷ میں آئے گا۔

جملہ اسمیہ: مبتداء و خبر کہلاتا ہے اس کے پہلے جز کو مبتداء اور دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں اَلْوَلَدُ قَائِمٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا اور قَائِمٌ خبر ہے اور اسی طرح اَلْوَلَدُ يَقُوْمُ میں اَلْوَلَدُ مبتداء اور يَقُوْمُ[1] اس کی خبر ہے۔

---

[1] (۱) اَلْوَلَدُ يَقُوْمُ میں اَلْوَلَدُ۔ يَقُوْمُ کا فاعل نہیں ہے کیونکہ عربی میں فاعل فعل سے پہلے نہیں آتا بلکہ ہمیشہ فعل کے بعد ہی آتا ہے۔ اس لئے یہاں يَقُوْمُ کا فاعل خود اس کی ضمیر ہوگی جو اَلْوَلَدُ کی طرف لوٹتی ہے اور اَلْوَلَدُ کو مبتداء کہا جائے گا اس کی ترکیب اس طرح ہوگی کہ اَلْوَلَدُ مبتداء اور يَقُوْمُ فعل اپنے ضمیر (فاعل) سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا اور جملہ فعلیہ ہو کر پھر اَلْوَلَدُ مبتداء کی خبر ہوا۔ اسے اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے مبتدی طلبہ کو اکثر اس میں غلط فہمی ہوتی ہے۔

(۲) اس عموم کے برعکس مبتداء کبھی نکرہ بھی ہوتا ہے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ

(۱) اس سے پہلے کوئی حرف نفی ہو جیسے مَا اَحَدٌ حَاضِرٌ

(۱) مبتداء عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوا کرتی ہے، بخلاف موصوف وصفت کے اس میں دونوں جز معرفہ یا دونوں جز نکرہ ہوا کرتے ہیں۔

(۲) مبتداء اور خبر دونوں ہمیشہ مرفوع ہوا کرتے ہیں۔

(۳) واحد، تثنیہ، جمع، اور تذکیر وتانیث میں صفت ہی کی طرح خبر بھی اپنے پہلے جز (مبتداء) کے مطابق ہوا کرتی ہے۔

(۴) ایسے ہی مبتداء جب کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو خبر (صفت ہی کی طرح) عموماً واحد مؤنث لائی جاتی ہے اور کبھی جمع مؤنث بھی جیسے اَلْاَقْلَامُ ثَمِيْنَةٌ اور اَقْلَامٌ ثَمِيْنَاتٌ (قلمیں قیمتی ہیں)۔

فائدہ: موصوف وصفت اور مبتداء وخبر میں ظاہری فرق اسی قدر ہے کہ مبتداء معرفہ ہوا کرتی ہے اور خبر نکرہ ہوتی ہے اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) دونوں ہی معرفہ یا دونوں ہی نکرہ ہوتے ہیں۔ اَلْاَقْلَامُ ثَمِيْنَةٌ (قلم قیمتی ہیں) مبتداء خبر ہیں اور اَلْاَقْلَامُ الثَّمِيْنَةُ یا اَقْلَامٌ ثَمِيْنَةٌ (قیمتی قلم) موصوف وصفت ہیں۔ ظاہری فرق کے علاوہ معنوی فرق یہ ہے کہ پہلا مرکب تام (جملہ مفیدہ) اور دوسرا مرکب ناقص (جملہ غیر مفیدہ) ہے جس سے کوئی بات سمجھ نہیں آتی۔

---

(۲) اس سے پہلے کوئی حرف استفہام ہو جیسے هَلْ كَرِيْمٌ، يَبْخَلُ بِمَالِهِ؟

(۳) یا وہ کسی نکرہ کی طرف مضاف ہو تَاجِرُ ثَوْبٍ مُسْلِمٌ

(۴) یا موصوف ہو جیسے وَرْدَةٌ حَمْرَآءُ تَتَفَتَّحُ

(۵) یا مجرور ہو جیسے فِيْكَ شُجَاعَةٌ

(۶) یا ظرف کی صورت میں خبر مقدم ہو جیسے عِنْدِيْ حِصَانٌ اسی طرح خبر بھی کبھی معرفہ آتی ہے اور اس کی شرط یہ ہے کہ

(۱) خبر کسی موصوف کی صفت نہ بنتی ہو جیسے اَنَا يُوْسُفُ

(۲) یا جب کہ مبتداء اور خبر کے درمیان ضمیر فصل کو لایا جائے جیسے اَلْوَلَدُ هُوَ الْقَائِمُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۹) مشق نمبر (۲۹)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْوَلَدُ بَاسِمٌ لڑکا مسکرا رہا ہے	(۲) اَلشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ سورج روشن ہے	(۳) اَلْمَاءُ رَائِقٌ پانی خوشگوار ہے
(۴) اَلْهَوَاءُ نَقِيٌّ ہوا صاف ہے	(۵) اَلْمِنْضَدَتَانِ جَمِيْلَتَانِ دو ڈیسک خوبصورت ہیں	(۶) فَاطِمَةُ نَظِيْفَةٌ فاطمہ صاف ستھری ہے
(۷) اَلْجُنْدِيَانِ قَوِيَّانِ دونوں سپاہی طاقتور ہیں	(۸) اَلْقُضَاةُ عَادِلُوْنَ جج انصاف کرنے والے ہیں	(۹) اَلْوَرْدَةُ مُفَتَّحَةٌ گلاب کا پھول کھلا ہوا ہے
(۱۰) اَلْاَزْهَارُ نَاضِرَةٌ پھول تر و تازہ ہیں	(۱۱) اَلْوَرَقُ نَاعِمٌ پتا ملائم ہے۔	(۱۲) اَلْحَدِيْقَتَانِ مُثْمِرَتَانِ دونوں باغیچے پھلدار ہیں
(۱۳) اَلْغُرُفَاتُ مُضِيْئَةٌ کمرے روشن ہیں	(۱۴) اَلْاُمَّهَاتُ مُشْفِقَاتٌ مائیں شفقت کرنے والی ہیں	(۱۵) اَلْمُعَلِّمُوْنَ جَالِسُوْنَ اساتذہ کرام بیٹھے ہوئے ہیں
(۱۶) الرُّسُلُ صَادِقُوْنَ رسول سچے ہیں		

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۰) مشق نمبر (۳۰)

خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) اَلْقَمَرُ .... (۲) اَلنُّجُوْمُ .... (۳) حَدِيْقَةٌ ....

(۴) اَلشَّجَرَتَانِ .... (۵) اَلْاَبْوَابُ .... (۶) النَّوَافِذُ ....

(۷) السَّمَآءُ .... (۸) اَلضَّيْفَانِ .... (۹) اَلْبِنْتَانِ ....

(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ .... (۱۱) اَلصَّبِيَّةُ .... (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ ....

حل مکمل جملے:

(۱) اَلْقَمَرُ مُقْمِرٌ (۲) اَلنُّجُوْمُ لَامِعَةٌ (۳) اَلْحَدِيْقَةُ وَسِيْعَةٌ
(۴) اَلشَّجَرَتَانِ مُوْرِقَتَانِ (۵) اَلْاَبْوَابُ مُغْلُوْقَةٌ (۶) اَلنَّوَافِذُ مَفْتُوْحَةٌ
(۷) اَلسَّمَآءُ مُتَغَيِّمَةٌ (۸) اَلضَّيْفَانِ مُحْتَرَمَانِ (۹) اَلْبِنْتَانِ بَاكِرَتَانِ
(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ مُجْتَهِدَاتٌ (۱۱) اَلصَّبِيَّةُ بَاكِيَةٌ (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ ذَاهِبُوْنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۱) مشق نمبر (۳۱)

خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) .... نَاعِمٌ (۲) .... بَاسِمَةٌ (۳) .... طَوِيْلَانِ
(۴) .... مَمْلُوْتَانِ (۵) ...... مَسْرُوْرُوْنَ (۶) .... شَامِخَاتٌ
(۷) .... مُتَلَالِئَةٌ (۸) .... خَضْرَآءُ (۹) .... نَائِمَةٌ
(۱۰) .... مُضِيْئَتَانِ (۱۱) .... مُسَافِرَاتٌ (۱۲) .... مُكْرَمُوْنَ

حل مکمل جملے:

(۱) اَلْوَرَقُ نَاعِمٌ (۲) اَلزَّهْرَةُ بَاسِمَةٌ (۳) اَلشَّارِعَانِ طَوِيْلَانِ
(۴) اَلْقَارُوْرَتَانِ مَمْلُوْتَانِ (۵) اَلْاَوْلَادُ مَسْرُوْرُوْنَ (۶) اَلْجِبَالُ شَامِخَاتٌ
(۷) اَلْكَوَاكِبُ مُتَلَالِئَةٌ (۸) اَلثَّوْبُ خَضْرَآءُ (۹) اَلْهِرَّةُ نَائِمَةٌ
(۱۰) اَلْحُجْرَتَانِ مُضِيْئَتَانِ (۱۱) اَلطَّالِبَاتُ مُسَافِرَاتٌ (۱۲) اَلضُّيُوْفُ مُكْرَمُوْنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۲) مشق نمبر (۳۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) موسم خوشگوار ہے۔ اَلْفَصْلُ رَائِقٌ	(۲) پھول کھلے ہیں۔ اَلْاَزْهَارُ بَاسِمَةٌ

(۳) کھیتیاں سرسبز وشاداب ہیں اَلْمَزَارِعُ خَضِرَةٌ	(۴) پتیاں ہری ہیں اَلْوُرَیْقَاتُ خَضِرَةٌ
(۵) رات ٹھنڈی ہے اَللَّیْلُ بَارِدٌ	(۶) سردی سخت ہے اَلْبَرْدُ شَدِیْدٌ
(۷) ہوا تیز ہے اَلْهَوَاءُ شَدِیْدَةٌ	(۸) دروازے بند ہیں اَلْاَبْوَابُ مُغْلَقَةٌ
(۹) دونوں کھڑکیاں کھلی ہیں اَلنَّافِذَتَانِ مَفْتُوْحَتَانِ	(۱۰) بچے سو رہے ہیں اَلصِّبْیَانُ نَائِمُوْنَ
(۱۱) دونوں پہرے دار جاگ رہے ہیں اَلْحَارِسَانِ سَاهِرَانِ	(۱۲) زینب بھوکی ہے زَیْنَبُ جَائِعَةٌ
(۱۳) بلی پیاسی ہے اَلْهِرَّةُ ظَمْاٰنَةٌ	(۱۴) دونوں گھڑیاں بند ہیں اَلسَّاعَتَانِ رَاکِدَتَانِ
(۱۵) لڑکیاں تعلیم یافتہ ہیں اَلْبَنَاتُ مُتَعَلِّمَاتٌ	(۱۶) مزدور مسلمان ہیں اَلْعُمَّالُ مُسْلِمُوْنَ
(۱۷) سڑکیں کشادہ ہیں اَلشَّوَارِعُ وَاسِعَةٌ	(۱۸) باغات گھنے ہیں اَلْبَسَاتِیْنُ غَنَّاءٌ
(۱۹) آسمان ابر آلود ہے اَلسَّمَاءُ مُتَغَیِّمَةٌ	(۲۰) اسٹیشن قریب ہے اَلْمَحَطَّةُ قَرِیْبَةٌ
(۲۱) طلبہ محنتی ہیں اَلطَّلَبَةُ مُجْتَهِدُوْنَ	(۲۲) اساتذہ رحم دل ہیں اَلْاَسَاتِذَةُ عَطُوْفُوْنَ

اَلتَّمْرِیْنُ (۳۳) مشق نمبر (۳۳)

(۱) اَنَا تِلْمِیْذٌ میں شاگرد ہوں	(۲) اَنْتَ خَطِیْبٌ تو خطیب (مقرر) ہے	(۳) هُوَ شَاعِرٌ وہ شاعر ہے
تو کسی سے ہدیہ قبول نہ کرتی تھی۔

اَلتَّمْرِيْنُ (٦۴) مشق نمبر (٦۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں بنگلہ زبان نہیں سمجھتا تھا۔

مَاكُنْتُ اَفْهَمُ لُغَةَ بَنْجَلَةَ،

(۲) وہ سب اردو زبان نہیں جانتے تھے۔

كَانُوْا لَا يَعْلَمُوْنَ لُغَةَ الْاُرْدِيَّةِ

(۳) میں امتحانات میں فعل نہیں ہوا تھا۔

مَاكُنْتُ رَسَبْتُ فِى الْاِمْتِحَانَاتِ

(۴) ہم لوگ کسی پر ظلم نہیں کرتے تھے۔

مَا كُنَّا نَظْلِمُ عَلٰى اَحَدٍ

(۵) تم لوگ میرے ساتھ ٹہلنے نہیں نکلے تھے۔

مَا كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ مَعِيْ لِلتَّنَزُّهِ

(۶) میرے چچا ریل گاڑی پر سوار نہیں ہوتے تھے۔

كَانَ عَمِّيْ لَا يَرْكَبُ عَلَى الْقِطَارِ

(۷) میری خادمہ کوئی چیز نہیں چراتی تھی۔

كَانَتْ خَادِمَتِيْ لَا تَسْرِقُ شَيْئًا

(۸) تو پہلے اچھا کھانا نہیں پکاتی تھی۔

مَا كُنْتِ تُحْسِنِيْنَ الطَّبْخَ قَبْلَ هٰذَا۔

(۹) میرے والد کسی سائل کو واپس نہیں کرتے تھے۔

مَا كَانَ وَالِدِيْ يَرُدُّ سَائِلًا

(۱۰) تم لوگ عربی جلسوں میں شریک نہیں ہوتے تھے۔

مَا كُنْتُمْ تَحْضُرُوْنَ حَفَلَاتٍ عَرَبِيَّةٍ

(۱۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے نفس کے لئے کسی سے انتقام نہیں لیتے تھے۔

مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْتَقِمُ عَنْ اَحَدٍ لِنَفْسِهٖ

(۱۲) آپ کسی کھانے کی مذمت نہیں فرماتے تھے اور نہ اس کی بہت تعریف ہی کرتے تھے۔

مَا كَانَ يَذُمُّ طَعَامًا وَلَا يَمْدَحُهٗ جِدًّا

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٥) مشق نمبر (٦٥)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) صاف ہوا صحت کے لئے مفید ہے۔

اَلْهَوَاءُ الصَّافِيْ نَافِعٌ لِلصِّحَّةِ

(۲) تیرنا ایک اچھی ورزش ہے۔

اَلسِّبَاحَةُ تَمْرِيْنٌ جَيِّدٌ / رِيَاضَةٌ جَيِّدَةٌ

(۳) میری دونوں بہنیں بیمار ہیں۔

اُخْتَایَ مَرِيْضَتَانِ

(۴) اس شہر کے مسلمان خوشحال ہیں۔

مُسْلِمُوْ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةِ مُتَنَعِّمُوْنَ

(۵) تمہارے دونوں بھائی بڑے محنتی ہیں۔

اَخَوَاكَ مُجِدَّانِ جِدًّا

(۶) میرے چچا پوسٹ آفس میں کام کرتے ہیں۔

كَانَ عَمِّيْ يَعْمَلُ فِي مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ

(۷) میرے والد نے مجھے ایک انعام دیا ہے۔

قَدْ اَعْطَانِيْ اَبِيْ جَائِزَةً

(۸) یہ لڑکے مدرسے نہیں جاتے اور دن بھر کھیلتے ہیں۔

هٰؤُلَآءِ الْاَوْلَادَ لَايَذْهَبُوْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ وَيَلْعَبُوْنَ طُوْلَ النَّهَارِ

(۹) یہ گھڑی دس بجے بند ہو گئی تھی۔

قَدْ كَانَتْ هٰذِهِ السَّاعَةُ وَقَفَتْ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ

(۱۰) کل ہم لوگ اسٹیشن گئے تھے۔

كُنَّا ذَهَبْنَا اِلَى الْمَحَطَّةِ اَمْسِ

(۱۱) ایک دیہاتی گا رہا تھا اور بکریاں چرا رہا تھا۔

كَانَ قَرَوِيٌّ يُغَنِّيْ وَيَرْعَى الشِّيَاهَ

(۱۲) دو دوست ساتھ ساتھ سفر کر رہے تھے۔

كَانَ الصَّدِيْقَانِ يُسَافِرَانِ مَعًا فِي السَّفَرِ

(۱۳) میں ایک عربی مقالہ لکھ رہا ہوں۔

اَكْتُبُ مَقَالَةً عَرَبِيَّةً

(۱۴) لڑکیاں کھیل رہی ہیں اور خوش ہو رہی ہیں۔

اَلْبَنَاتُ يَلْعَبْنَ وَ يَفْرَحْنَ

(۱۵) تم دونوں ایک دوسرے کو نہیں پہچانتے تھے۔

كُنْتُمَا لَا تَتَعَارَفَانِ

(۱۶) ہم لوگ کل ایکسپریس سے دہلی جائیں گے۔

سَنَذْهَبُ اِلَى الدِّهْلِي بِالْقِطَارِ السَّرِيْعِ غَدًا

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٦) مشق نمبر (٦٦)

(في الانشاء) (انشاء کے بارے میں)

اپنے دار الاقامہ پر جملہ اسمیہ کے چھ جملے ایسے لکھو جن میں تذکیر و تانیث واحد تثنیہ جمع میں مبتداء اور خبر کی مطابقت دکھا سکو۔

(۱) دَارُ اِقَامَتِنَا عِمَارَةٌ ذَاتُ ثَلَاثَةِ اَدْوَارٍ

(۲) وَكُلُّ الْاَدْوَارِ مُخْتَصَّةٌ بِالطُّلَّابِ الْمُقِيْمِيْنَ

(۳) وَدَوْرَاهَا الْعُلْوِيَّانِ مُخْتَصَّانِ بِالطَّلَبَةِ الْكِبَارِ

(۴) وَغُرْفَتَاهَا الْوُسْطِيَّتَانِ مُخْتَصَّتَانِ بِالْاَسَاتِذَةِ

(۵) وَحُجُرَاتُهَا مُزَيَّنَةٌ بِالْجُدْرَانِ الْمُجَصَّصَةِ وَالْفُرُشِ الْغَالِيَةِ وَالْمَصَابِيْحِ الْكَهْرُبَائِيَّةِ

(۶) وَسُكَّانُهَا كُلُّهُمْ مُلْزَمُوْنَ بِكَنْسِهَا وَتَنْظِيْفِهَا

(۲) اپنے کمرہ پر جملہ فعلیہ کے کم از کم دس جملے ایسے لکھو جن میں فعل مضارع اور فعل

ماضی کی کل قسمیں آ جائیں۔ مضمون کی وضاحت کے لئے جملہ اسمیہ سے بھی مدد لو۔

(۱) مَاكَانَ لَنَا مَحَلٌّ السَّكَنِ فِي الْجَامِعَةِ حِيْنَ انْتَسَبْنَا إِلَيْهَا

(۲) فَطَالَبْنَا الْمُدِيْرَ إِنْشَاءَ حُجْرَةٍ لِسُكْنَانَا

(۳) فَأَنْشَأَ حَضْرَتُهُ غُرْفَةً فَسِيْحَةً تَسَعُ جَمِيْعَ الزُّمَلَاءِ اسْتِجَابَةً لِطَلَبِنَا

(۴) وَقَدْ كُنَّا نَحْنُ هُمُ الْعُمَّالَ فِي بِنَاءِ هَا أَيْضًا

(۵) فَنَشَأَتْ غُرِفَةٌ جَمِيْلَةٌ حَافِلَةٌ وَفْقَ رَغْبَتِنَا۔

(۶) وَكَانَ الْفَرَاغُ مِنْ بِنَاءِ هَا فِي الْأُسْبُوْعِ الْمَاضِي

(۷) وَمَا ادَّخَرَ الْبَنَّاؤُوْن وُسْعَهُمْ فِي تَشْدِيْدِهَا وَتَزْيِيْنِهَا

(۸) بُنِيَتْ عِمَارَتُهُ بِالْأَجُرِّ ثُمَّ سُقِّفَتْ بِالْعَارِضَاتِ الْمَعْدِنِيَّةِ الْمَتِيْنَةِ

(۹) وَبَقِيَ عَمَلُ التَّبْيِيْضِ فَسَتُبَيَّضُ حِيْطَانُهَا عَنْ قَرِيْبٍ

(۱۰) وَنُحِبُّ غُرْفَتَنَا الْحَبِيْبَةَ بِصَمِيْمِ فُؤَادِنَا وَلَانُقَصِّرُ فِي تَنْظِيْفِهَا وَالتَّعَهُّدِ بِهَا۔

اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ (١)

بارہواں سبق (١)

(فعل امر)

فعل امر کی تعریف درس نمبر ٨ میں تم نے پڑھی ہے۔ ذیل میں اس کے بنانے کا قاعدہ لکھا جاتا ہے۔

١) فعل امر حاضر معروف مضارع حاضر معروف سے بنایا جاتا ہے اور وہ اس طرح کہ

(١) سب سے پہلے علامت مضارع حذف کر دی جائے۔

(٢) علامت مضارع حذف کرنے کے بعد پہلا حرف اگر ساکن رہ جائے تو شروع میں ہمزہ وصل بڑھا دو جیسے تَكْتُبُ سے اُكْتُبْ وغیرہ۔

(٣) مضارع کے عین کلمہ کا اگر ضمہ ہو تو ہمزہ وصل کو بھی ضمہ دے دو اور اگر مضارع کے عین کلمہ کو کسرہ ہو تو دونوں صورتوں میں ہمزہ وصل مسکور نا دَ جیسے تَكْتُبُ سے اُكْتُبْ اور تَفْتَحُ وَ تَضْرِبُ سے اِفْتَحْ وَ اِضْرِبْ

(٤) حرف آخر کو ساکن کر دو اگر کوئی علت ہو تو بالکل ہی حذف کر دو جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ اور تَخْشٰی سے اِخْشَ اور تَرْمِيْ سے اِرْمِ وغیرہ۔

(٥) دونوں تثنیہ اور جمع مذکر اور واحد مؤنث حاضر سے نون اعرابی گرا دو۔

(٢) امر معروف اور امر متکلم کے صیغے بھی آتے ہیں ان کے بنانے کا قاعدہ امر حاضر کے قاعدے سے کچھ مختلف ہے اور وہ یہ ہے کہ

(١) علامت مضارع کو باقی رکھتے ہوئے لام امر بڑھا دو اور آخری حرف کو

ساکن کردو۔

(۲) امر حاضر کی طرح امر غائب سے بھی نون اعرابی (تثنیہ وجمع مذکر کا نون) گرادو

(۳) اسی طرح آخر میں اگر کوئی حرف علت ہو تو اس سے حذف کر دو۔

(ذیل میں امر کی پوری گردان لکھی جاتی ہے مگر یہ یاد رکھو کہ امر حقیقی امر حاضر ہی کو کہتے ہیں۔)

لِيَكْتُبْ، لِيَكْتُبَا، لِيَكْتُبُوْا	اُكْتُبْ، اُكْتُبَا، اُكْتُبُوْا
لِتَكْتُبْ، لِتَكْتُبَا، لِيَكْتُبْنَ	اُكْتُبِيْ، اُكْتُبَا، اُكْتُبْنَ

لِاَكْتُبْ، لِنَكْتُبْ

فائدہ: علامت مضارع حذف کرنے کے بعد اگر پہلا حرف ساکن نہ رہے تو ہمزہ وصل بڑھانے کی ضرورت نہیں ہے جیسے يَدَعُ سے دَعْ، يُعَلِّمُ سے عَلِّمْ، يَتَعَلَّمُ سے تَعَلَّمْ اور يَتَقَبَّلُ سے تَقَبَّلْ

(۲) باب افعال میں ہمزہ قطعی (اصلی) ہوتا ہے اس لئے اس کے امر میں تم ہمزہ مفتوح دیکھو گے، جیسے اَحْسِنْ، اَكْرِمْ وغیرہ۔

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٧) مشق نمبر ٦٧

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) وَأْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا

اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرو اور خود بھی اس پر قائم رہیں۔

(۲) مَا اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

جو تم کو رسول دے تم اس کو لے لو اور جس سے تم کو روکے اس سے رک جاؤ۔

(۳) اَوْفُوْا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ

تم پورا ناپو جب تم ناپ کردو اور سیدھے ترازو کے ساتھ تولو۔

(۴) قَالَ اللّٰهُ لِمُوْسٰی وَهٰرُوْنَ اِذْهَبَا اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی

کہا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ اور ہارون کو تم دونوں فرعون کی طرف جاؤ بے شک اس نے سرکشی کی۔

(۵) فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰی

پس تم اس کو نرم انداز سے بات کہو شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے۔

(۶) وَقِيْلَ لِمَرْيَمَ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا

اور کہا گیا مریم کو پس کھا تو اور پی تو اور اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا کر۔

(۷) اِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوْا

جب تم میں سے بچے بلوغت کی عمر کو پہنچ جائیں پس اجازت طلب کریں۔

(۸) اِجْلِسْ وَاسْتَرِحْ وَلْاَذْهَبْ اَنَا اِلَى السُّوْقِ

تو بیٹھ اور آرام کر اور میں بازار کی طرف جاؤں۔

(۹) اِكْتَرِلِيْ مَرْكَبَةً وَلْيَدْعُ اَحْمَدُ حَمَّالًا

تو میرے واسطے کرایہ پر گاڑی لے اور احمد قلی کو بلائے۔

(۱۰) اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ

مومن کی فراست سے بچو کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

(۱۱) اَكْرِمُوا الضُّيُوْفَ وَاَحْسِنُوْا مَثْوَاهُمْ

مہمانوں کا اکرام کرو اور انہیں اچھا مقام دو۔

(۱۲) عَلِّمْنَ اَوْلَادَكُنَّ الْاَدَبَ وَالدِّيْنَ

تم عورتیں اپنی اولاد کو ادب اور دین کی تعلیم دو۔

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٨)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) صبح سویرے اٹھو اور اللہ کا نام لو۔

اِسْتَيْقِظُوا فِى الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

(۲) چاق و چوبند رہ اور کاہلی چھوڑ

اُنْشَطْ وَاتْرُكِ الْكَسَلَ

(۳) ماں باپ کا کہا مان اور ان کی عزت کر۔

اِمْتَثِلْ اَمْرَ اَبَوَيْكَ وَاَكْرِمْهُمَا

(۴) فاطمہ خاموش رہ اور میری بات سن

يَافَاطِمَةُ اسْكُتِيْ وَاسْمَعِي كَلَامِيْ

(۵) گھر کی خادمہ جھاڑو دے اور برتن صاف کرے۔

لِتَكْنِسْ خَادِمَةُ الْبَيْتِ وَلْتُنَظِّفِ الْاَوَانِى

(۶) تم عورتیں کھانا پکاؤ اور بچوں کو کھلاؤ۔

اِطْبَخْنَ الطَّعَامَ وَاَطْعِمْنَ الْاَطْفَالِ

(۷) یہ لڑکیاں اب پردہ کریں۔

لِتَحْتَجِبْ هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ الْآنَ

(۸) خدا کی نافرمانی (معصیت) سے بچو۔

اِتَّقُوْا مَعْصِيَةَ اللّٰهِ

(۹) اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرو۔

~~صَاحِبْ مَجَالِسَ الصُّلَحَاءِ~~

(۱۰) غریبوں پر ترس کھاؤ اور ان کی مدد کرو۔

اِرْحَمِ الْفُقَرَآءَ وَانْصُرْهُمْ

(۱۱) تم دونوں سامان کی حفاظت کرو۔

اِحْفِظَا الْمَتَاعَ

(۱۲) تم لوگ مقالے لکھو اور میں تقریر کروں۔

اُكْتُبُوْا الْمَقَالَاتِ وَلْاَخْطُبْ

(۱۳) محمود شعر پڑھے اور لوگوں کو سنائے۔

لِيَنْشُدْ مَحْمُوْدُ نِ الشِّعْرَ وَلْيُسْمِعِ النَّاسَ

(۱۴) وہ لوگ دشمن سے ہوشیار رہیں۔

لِيُحَاذِرُوْا مِنَ الْعَدُوِّ

(۱۵) اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملو۔

اِلْقِ اَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ

اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ (۲)

بارہواں سبق (۲)

فعل نہی

فعل نہی جو امر ہی کی ایک قسم ہے اور جس میں کسی کام سے باز رہنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ یہ بھی فعل مضارع سے بنایا جاتا ہے اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے۔

(۱) علامتِ مضارع کو باقی رکھتے ہوئے شروع میں لائے نہی بڑھا دو اور حرف آخر کو ساکن کر دو۔ (۲) امر کی طرح نہی بھی تثنیہ جمع مذکر اور واحد مؤنث حاضر سے نون اعرابی حذف کر دیا جاتا ہے (۳) اور اسی طرح آخر میں اگر کوئی حرف علت ہو تو اسے بھی گرا دیا جاتا ہے جیسے لَا تَدْعُ، لَا تَخْشَ۔

ذیل میں فعل نہی کی پوری گردان لکھی جاتی ہے مگر امر ہی کی طرح نہی حقیقی کے بھی حاضر کے چھ صیغے اصلی ہیں۔

لَا يَكْتُبْ	لَا يَكْتُبَا	لَا يَكْتُبُوْا
لَا تَكْتُبْ	لَا تَكْتُبَا	لَا يَكْتُبْنَ
لَا تَكْتُبْ	لَا تَكْتُبَا	لَا تَكْتُبُوْا
لَا تَكْتُبِيْ	لَا تَكْتُبَا	لَا تَكْتُبْنَ
لَا اَكْتُبْ	لَا نَكْتُبْ	

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۹) مشق نمبر (۶۹)

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

اللہ کے ساتھ دوسرا معبود مت بنا۔

(۲) لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

اللہ کے ساتھ شریک مت کر بے شک شرک البتہ بڑا ظلم ہے۔

(۳) لَاتُطِعِ الْكَافِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ جِهَادًا كَبِيْرًا

کافروں کی فرمانبرداری مت کر اور ان کے ساتھ زوردار جہاد کر۔

(۴) لَاتَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ

مت ڈال اپنے ہاتھ کو اپنی گردن کے ساتھ بندھا ہوا۔

(۵) وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

مت پھیلا اس کو پوری طرح پھیلانا۔

(۶) لَاتَاْكُلُوْا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

اپنے مالوں کو آپس میں ناحق مت کھاؤ۔

(۷) لَاتَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ

اپنی اولاد کو اموال کے خوف سے مت قتل کرو۔

(۸) لَاتَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا

زمین پر اکڑ کر مت چل۔

(۹) لَاتَقْفُ مَالَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ

اس چیز کے پیچھے مت پڑ جس کا تجھے علم نہیں۔

(۱۰) لَاتَجَسَّسُوْا وَلَايَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

نہ کسی کا راز تلاش کرو اور نہ ایک دوسرے کی غیبت کرو۔

(۱۱) لَايَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ

کوئی قوم کسی قوم سے مذاق نہ کرے شاید وہ ان سے بہتر ہوں۔

(۱۲) لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ

اپنے آپ کو عیب مت لگاؤ اور مت پکارو ایک دوسرے کو چڑانے والے ناموں سے۔

(۱۳) وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

لوگوں کو ان کی چیز کم کر کے نہ دو اور زمین میں فساد مچاتے ہوئے مت پھرو۔

(۱۴) اِلْزَمْنَ بُيُوْتَكُنَّ وَلَا تَخْرُجْنَ سَافِرَاتٍ

اپنے گھروں کو لازم پکڑو اور بے پردہ مت نکلو۔

(۱۵) لَا تَتَحَدَّثْ بِكُلِّ مَا سَمِعْتَ

تو ہر سنی ہوئی بات کو مت بیان کر۔

(۱۶) لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ط، بَلْ اَحْيَآءٌ

مت کہو ان کو مردہ جو اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں بلکہ وہ زندہ ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۰) مشق نمبر (۷۰)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) اللہ کی بندگی کرو اور اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔

اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَتِهٖ

(۲) اپنے فرائض کی ادائیگی میں کاہلی نہ کرو۔

لَا تَتَسَاهَلُوْا فِيْ اَدَاءِ وَاجِبَاتِكُمْ

(۳) اللہ کی معصیت میں کسی کی اطاعت نہ کرو۔

لَا تُطِيْعُوْا اَحَدًا فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

(۴) خدا کے سواء کسی سے نہ ڈرو۔

لَا تَخْشَوْا اِلَّا اللّٰهَ

(۵) ماں باپ کی خدمت کرو اور ان کے لئے اف نہ کہو۔

اِخْدِمُوْا اَبَوَيْكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا لَهُمَا اُفٍّ۔

(۶) یتیموں کے ساتھ حسن سلوک کرو۔

اَحْسِنُوْا اِلَى الْيَتَامٰى

(۷) غریبوں کی مدد کرو اور ان پر ظلم نہ کرو۔

اُنْصُرُوْا الْغُرَبَاءَ وَلَا تَظْلِمُوْا عَلَيْهِمْ

(۸) تم دونوں دوپہر میں گھر سے نہ نکلو۔

لَا تَخْرُجَا مِنَ الْبَيْتِ فِي الظَّهِيْرَةِ

(۹) فاطمہ! گڑیا سے کھیل اور چاقو سے نہ کھیل۔

يَا فَاطِمَةُ الْعَبِيْ بِاللُّعْبَةِ وَلَا تَلْعَبِيْ بِالسِّكِّيْنِ

(۱۰) اپنے بھائی کا عذر قبول کر۔

اِقْبَلْ عُذْرَ اَخِيْكَ

(۱۱) تم عورتیں بے پردہ نہ نکلو۔

لَا تَخْرُجْنَ بِغَيْرِ الْحِجَابِ

(۱۲) فواحش کے قریب نہ جاؤ۔

لَا تَقْرَبِ الْفَوَاحِشَ

(۱۳) خالد تو یہیں بیٹھ اور محمود بازار جائے۔

يَا خَالِدُ اِجْلِسْ هٰهُنَا وَلْيَذْهَبْ مَحْمُوْدٌ اِلَى السُّوْقِ

(۱۴) ہم میں سے ہر شخص مظلوموں کی مدد کرے۔

لِيُعِنْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَّا الْمَظْلُوْمِيْنَ

(۱۵) وہ دونوں میرے معاملہ میں مداخلت نہ کریں۔

لَایَتَدَخَّلَا فِی اَمْرِیْ

(۱۶) تو لالٹین جلا میں کھڑکیاں کھولوں۔

اَوْقِدِ الْمِصْبَاحَ وَلَاَفْتَحِ الشَّبَابِیْكَ

(۱۷) کوئی طالب علم دوپہر کے وقت مدرسے سے باہر نہ جائے۔

لَایَذْهَبْ طَالِبٌ عِنْدَ الظَّهِیْرَةِ خَارِجَ الْمَدْرَسَةِ

(۱۸) سچ بولنے کی عادت ڈالو کبھی جھوٹ نہ بولو

اِعْتَادُوْا الصِّدْقَ وَ لَا تَكْذِبُوْا اَبَدًا

(۱۹) آج تم دونوں عجائب گھر نہ جاؤ

لَا تَذْهَبَا الْیَوْمَ اِلٰی دَارِ الْاٰثَارِ

(۲۰) تم عورتیں یہاں نہ بیٹھو۔

لَا تَجْلِسْنَ هٰهُنَا

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ

(تیرھواں سبق)

مبتداء کی خبر جب کہ جملہ یا شبہ جملہ ہو

جملہ فعلیہ سے پہلے جملہ اسمیہ کی جتنی مشقیں دی گئی ہیں۔ ان سب میں خبر یا تو مفرد تھی یا مرکب ناقص جیسے اَلتِّلْمِيْذُ مُجْتَهِدٌ اور اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللّٰهِ

اب ہم تم کو اس سے مزید یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جس طرح مبتداء کی خبر مفرد یا مرکب ناقص آتی ہے اسی طرح اس کی خبر جملہ اسمیہ جملہ فعلیہ اور شبہ جملہ بھی آتی ہے۔ مگر ہم صرف یہاں پر جملہ فعلیہ لکھتے ہیں۔ جملہ اسمیہ[1] اور شبہ جملہ[2] کی مشق آگے آئے گی۔

ذیل کے جملے پڑھو۔

(۱) اَلْوَلَدُ يَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ (۲) اَلْوَلَدَانِ يَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

(۱) اَلْبِنْتُ تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ (۲) اَلْبِنْتَانِ تَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

(۳) اَلْاَوْلَادُ يَذْهَبُوْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

(۳) اَلْبَنَاتُ يَذْهَبْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

مبتداء وخبر کی ترکیب کے سلسلہ میں تم کو یہ بات معلوم ہے کہ تذکیر وتانیث

---

[1] جملہ اسمیہ جیسے اَلْوَلَدُ مَلَابِسُهٗ نَظِيْفَةٌ، اَلْوَلَدَانِ مَلَابِسُهُمَا نَظِيْفَةٌ، اَلْاَوْلَادُ مَلَابِسُهُمْ نَظِيْفَةٌ دیکھو ان میں ہٗ هُمَا اور هُمْ کے ضمائر مبتدا کی مناسبت سے بدلتے گئے ہیں۔ درحقیقت یہی ضمائر مبتداء خبر کے درمیان ربط کا کام دیتے ہیں۔ اوپر جملہ فعلیہ میں بھی ضمیر ہی پہلے بدلی ہے۔ پھر ضمیر کی مناسبت سے فعل بھی بدلتا گیا ہے۔ کیونکہ فعل کا فاعل جب ضمیر ہو تو فعل ضمیر کے مطابق آتا ہے دیکھو درس نمبر ۷

[2] شبہ جملہ سے مراد ظرف زماں ظرف مکاں اور جار مجرور ہوئے جیسے اَلرَّاحَةُ بَعْدَ التَّعَبِ، اَلْقَلَمُ تَحْتَ الْوِسَادَةِ، اَلنَّجَاةُ فِي الصِّدْقِ وغیرہ۔

واحد وجمع اور تثنیہ میں خبر اپنے مبتداء کے مطابق آتی ہے۔

اچھا اب اوپر کی مثالوں میں غور کرو یہ سب جملہ اسمیہ (مبتداء وخبر) ہیں۔ کیونکہ یہ سب اسم سے شروع ہوتے ہے[۳]۔ پھر اَلْوَلَدُ، اَلْوَلَدَانِ وغیرہ پر غور کرو یہ سب مبتداء[۴] ہیں اور بعد کا جملہ (یَذْهَبُ اِلَی الْمَدْرَسَةِ، یَذْهَبَانِ اِلَی الْمَدْرَسَةِ) ان کی خبر کیونکہ بغیر خبر کے جملہ پورا نہیں ہوتا۔

اب اس کے بعد یَذْهَبُ کی مختلف شکلوں پر غور کرو۔ ان کے فاعل خود ان کی ضمائر ہیں۔ جو مبتداء کی طرف لوٹتے ہیں۔ پھر ضمائر کی مناسبت سے انہیں ضمائر کے مطابق ذهب فعل بھی بدلتا گیا ہے تاکہ مبتداء وخبر میں مطابقت ہو سکے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۱) مشق نمبر (۷۱)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلتِّلْمِيْذُ اللَّعُوْبُ سَقَطَ فِي الْاِمْتِحَانِ

کھیل کی طرف دھیان رکھنے والا لڑکا امتحان میں فیل ہو گیا۔

(۲) ذٰلِكَ الْقَرَوِيُّ نَالَ جَائِزَةً بِحُسْنِ عَمَلِهٖ فِي الزَّرْعِ

اس پینڈو آدمی نے کھیتی میں حسن کارکردگی کی وجہ سے انعام پایا۔

(۳) اَلشُّرْطِيَّانِ قَبَضَا عَلٰی لِصٍّ

دو سپاہیوں نے چور کو پکڑ لیا۔

(۴) اَخَوَا عَلِيٍّ سَافَرَا اِلٰی دِهْلِي

علی کے دو بھائیوں نے دہلی کی طرف سفر کیا۔

(۵) هٰذَانِ الْوَلَدَانِ مُنِعَا عَنِ الْاِمْتِحَانِ

---

[۳] دیکھو درس نمبر ۶

[۴] یہ سب مبتداء ہونگے ذَهَبَ ذَهَبَا وغیرہ کے فاعل نہیں بن سکتے کیونکہ فاعل اپنے فعل سے پہلے نہیں آتا۔

یہ دولڑکے امتحان سے روک دیئے گئے۔

(۶) اُولٰئِكَ التَّلَامِيْذُ خَطَبُوْا بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ

ان شاگردوں نے عربی زبان میں تقریریں کیں۔

(۷) خَادِمَةُ عَلِيٍّ طَبَخَتْ لَنَا الطَّعَامَ

علی کی نوکرانی نے ہمارا کھانا پکایا۔

(۸) اُخْتَایَ قَدْ حَفِظَتَا الْقُرْآنَ

میری دو بہنوں نے قرآن حفظ کرلیا ہے۔

(۹) اَلْعَرْبِيُّوْنَ سَمَوْ بِالْعِلْمِ وَالْاِخْتِرَاعِ

یورپی لوگ علم اور نئی دریافتوں کی وجہ سے ترقی کر گئے۔

(۱۰) اَنْتُمْ وَجَدْتُمْ عَلَيَّ فِي اَمْرٍ تَافِهٍ

تم مجھ سے معمولی سے معاملے پر ناراض ہو گئے۔

(۱۱) اَلْبَنَاتُ اَوْقَدْنَ الْمَوْقِدَ بِالْكِبْرِيْتِ

لڑکیوں نے دیا سلائی سے چولھا جلایا۔

(۱۲) اَلْعَوَاصِفُ اِقْتَلَعَتِ الْاَشْجَارَ

آندھیوں نے درخت جڑ سے نکال دیئے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۲) مشق نمبر (۷۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اس نے اپنی کتاب پھاڑ دی۔

ذَالِكَ الْوَلَدُ مَزَّقَ كِتَابَهٗ

(۲) شیشے کا گلاس ٹوٹ گیا۔

كَأْسُ الزُّجَاجِ اِنْكَسَرَ

(۳) میرے والد کے دونوں پیر سوج گئے۔

قَدَمَا وَالِدِیْ تَوَرَّمَتَا

(۴) ان دو پہرے داروں نے ڈاکوؤں کا مقابلہ کیا۔

هٰذَانِ الْخَفِیْرَانِ قَاوَمَا الْحَرَامِیِّیْنَ

(۵) تم دونوں نے ایک ہرن کا شکار کیا۔

اَنْتُمَا صِدْتُّمَا غَزَالَةً

(۶) وہ سب لیڈر گرفتار کر لیے گئے۔

اُولٰئِكَ الزُّعَمَاءُ قَدْ قُبِضَ عَلَیْهِمْ

(۷) محنتی لڑکے امتحان میں کامیاب ہوئے۔

اَلْاَوْلَادُ الْمُجْتَهِدُوْنَ فَازُوْا فِی الْاِخْتِبَارِ

(۸) طارق بن زیاد نے اندلس کو فتح کیا۔

طَارِقُ بْنُ زِیَادٍ فَتَحَ الْاَنْدَلُسَ

(۹) مسلمان فوجیوں نے اپنی کشتیاں جلا دیں۔

اَلْجُنْدِیُّوْنَ الْمُسْلِمُوْنَ حَرَّقُوْا قَوَارِبَهُمْ

(۱۰) خالد بن ولید جنگ یرموک میں معزول کیے گئے۔

خَالِدٌ بْنُ وَلِیْدٍ عُزِلَ فِیْ حَرْبِ یَرْمُوْكَ

(۱۱) میرے والدین نے اس سال خانہ کعبہ کی زیارت کی۔

اَبَوَایَ زَارَا بَیْتَ اللّٰهِ فِیْ هٰذِهِ السَّنَةِ

(۱۲) آپ لوگوں نے بڑی تاخیر فرمائی۔

اَنْتُمْ تَاَخَّرْتُمْ جِدًّا

(۱۳) ان بچیوں نے اس سال رمضان کے روزے رکھے۔

هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ صُمْنَ رَمَضَانَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ

(۱۴) ہم لوگ دوپہر میں بازار جانے سے روک دیئے گئے۔

نَحْنُ نُهِيْنَا عَنِ الذِّهَابِ إِلَى السُّوْقِ عِنْدَ الظَّهِيْرَةِ

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۳) مشق نمبر (۷۳)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْإِنْسَانُ يَسْتَفِيْدُ مِنَ الْقِرَاءَةِ

انسان پڑھائی سے استفادہ کرتا ہے۔

(۲) اَلْكَلْبُ يَحْرِسُ الْمَنَازِلَ وَالْمَزَارِعَ

کتا گھروں اور کھیتوں کی رکھوالی کرتا ہے۔

(۳) اَلْفَلَّاحُ يَحْرُثُ الْأَرْضَ وَيَسْقِيْهَا

کاشتکار زمین میں ہل چلاتا ہے اور اسے پانی دیتا ہے۔

(۴) هٰذَانِ الثَّوْرَانِ يَجُرَّانِ الْمِحْرَاثَ

یہ دونوں بیل ہل چلا رہے ہیں۔

(۵) هٰؤُلَاءِ التَّلَامِيْذُ يَبْتَعِدُوْنَ عَنِ الرَّذِيْلَةِ

یہ شاگرد بری عادتوں سے دور رہتے ہیں۔

(۶) هٰذِهِ الْبَقَرَاتُ لَا تَرْعَى الْكَلَأَ

یہ گائیں چارہ نہیں کھاتیں

(۷) اَلْوَالِدَانِ يَرْضَيَانِ عَنِ الْوَلَدِ الْبَارِّ

ماں باپ فرمانبردار لڑکے سے راضی ہوتے ہیں۔

(۸) اَلرِّجَالُ يَكِلُّوْنَ لِكَسْبِ الْقُوْتِ

لوگ روزی کمانے کیلئے مشقت اٹھاتے ہیں۔

(۹) اَلنِّسَآءُ یَقُمْنَ بِشُئُوْنِ الْمَنَازِلِ

خواتین گھروں کا کام سرانجام دیتی ہیں۔

(۱۰) اَلْاُمَّهَاتُ یُسْدِیْنَ النَّصِیْحَةَ لِاَوْلَادِهِنَّ

مائیں اپنی اولاد سے ہمدردی کرتی ہیں۔

(۱۱) اَلسُّفُنُ تَجْرِیْ عَلَی الْمَاءِ

کشتیاں پانی پر چلتی ہیں۔

(۱۲) اَلْاَخَوَاتُ الثَّلَاثُ یَذْهَبْنَ اِلَی الْمَدْرَسَةِ

تینوں بہنیں مدرسہ جاتی ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۷۴) مشق نمبر (۷۴)

(۱) سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔

اَلشَّمْسُ تَطْلُعُ مِنَ الْمَشْرِقِ

(۲) ستارے آسمان میں جگمگاتے ہیں۔

اَلْکَوَاکِبُ تَلَاءُ لَا فِی السَّمَآءِ

(۳) ہم لوگ دارالعلوم ندوہ میں پڑھتے ہیں۔

نَحْنُ نَقْرَآءُ فِیْ دَارِ الْعُلُوْمِ النَّدْوَةِ

(۴) تم دونوں علی گڑھ کالج میں تعلیم پاتے ہیں۔

نَحْنُ نَدْرُسُ فِیْ کُلِّیَّةِ عَلِیْ کَرْہ

(۵) مسلمان لڑکے پڑھنے میں زیادہ محنت نہیں کرتے۔

اَلطُّلَّابُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا یَجْتَهِدُوْنَ جِدًّا فِی التَّعْلِیْمِ

~~(۶)~~ یہ دونوں ~~لڑکے دارالاقامہ میں رہتے ہیں~~۔

هٰذَانِ الْوَلَدَانِ یَسْکُنَانِ فِیْ دَارِ الْاِقَامَةِ

(۷) یہ لڑکیاں دن بھر اپنی سہیلیوں کے ساتھ کھیلتی ہیں۔

هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ يَلْعَبْنَ مَعَ زَمِيْلَاتِهِنَّ كُلَّ الْيَوْمِ

(۸) زیادہ کھانا معدہ کو نقصان پہنچاتا ہے۔

كَثْرَةُ الْاَكْلِ تَضُرُّ الْمِعْدَةَ

(۹) ورزش اعصاب اور پٹھوں کو مضبوط بناتی ہے۔

اَلرِّيَاضَةُ تُقَوِّي الْاَعْصَابَ

(۱۰) بلی اپنے ناخن سے جھنجوڑتی ہے۔

اَلْهِرَّةُ تَهُزُّ بِاَظْفَارِهَا

(۱۱) شیر کسی کا جھوٹا نہیں کھاتا۔

اَلْاَسَدُ لَا يَاْكُلُ سُؤْرَ اَحَدٍ

(۱۲) پرندے شاخوں پر چہچہاتے ہیں۔

اَلطُّيُوْرُ تَتَغَرَّدُ عَلَى الْغُصُوْنِ

(۱۳) مچھلیاں پانی میں زندگی بسر کرتی ہیں۔

اَلْاَسْمَاكُ تَعِيْشُ فِي الْمَاءِ

(۱۴) مائیں اپنے بچوں کی پرورش کرتی ہیں۔

اَلْاُمَّهَاتُ يُرَبِّيْنَ اَطْفَالَهُنَّ

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۵) مشق نمبر (۷۵)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَبِي كَانَ يَسْهَرُ اللَّيْلَ وَيَتَهَجَّدُ

میرے اباجان رات کو بیدار ہوتے اور تہجد ادا کرتے تھے۔

(۲) اُمِّي كَانَتْ تُصَلِّيْ فِي هٰذِهِ الْغُرْفَةِ

میری امی اس کمرے میں نماز ادا کرتی تھی۔

(۳) نَبِيُّ اللّٰهِ اِسْمٰعِيْلُ كَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهُ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ

اللہ کے نبی اسمٰعیل اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم کرتے تھے۔

(۴) اَصْحَابُ الْحِجْرِ كَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا

اصحاب حجر (پتھروں والے) پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے تھے۔

(۵) اُولٰئِكَ كَانُوْا لَايَتَنَاهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

وہ لوگ ایک دوسرے کو برائی سے نہ روکتے تھے۔

(۶) اُولٰئِكَ النِّسْوَةُ كُنَّ لَايَخْرُجْنَ مِنَ الدُّوْرِ

وہ خواتین گھر سے نہیں نکلتی تھیں۔

(۷) بَقَرَتِيْ مَاكَانَتْ تَنْطِحُ وَلَا تَرْكُلُ

میری گائے نہ سینگ مارتی تھی نہ دولتی مارتی تھی۔

(۸) خَادِمَتِيْ كَانَتْ تَنْزِعُ الدَّلْوَ وَتَمْلَاُ جَرَّتَهَا

میری نوکرانی ڈول کھینچتی تھی اور اپنا مٹکا بھرتی تھی۔

(۹) هٰذَانِ الْكَبْشَانِ كَانَ يَتَنَاطَحَانِ

یہ دو مینڈھے ایک دوسرے کو سینگ مارتے تھے۔

(۱۰) ذَانِكَ التِّلْمِيْذَانِ كَانَا رَسَبَا فِي الْاِمْتِحَانِ

وہ دو شاگرد امتحان میں فیل ہو گئے تھے۔

(۱۱) اُولٰئِكَ الطَّلَبَةُ كَانُوْا لَعِبُوْا فِي الْمُبَارَاةِ

وہ طالب علم میچ کھیلتے تھے۔

(۱۲) هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ كُنَّ شَهِدْنَ الْحَفْلَةَ

یہ لڑکیاں جلسے میں حاضر ہوتی تھیں۔

(۱۳) اُولٰئِكَ كَانُوْا يَئِدُوْنَ بَنَاتِهِمْ اَيَّامَ الْجَاهِلِيَّةِ

وہ لوگ اپنی لڑکیاں جاہلیت کے زمانے میں زندہ دفن کردیتے تھے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷٦) مشق نمبر (۷٦)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میرا باغ اس سال خوب پھلا۔

حَدِيْقَتِيْ اَثْمَرَتْ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ جَيِّدًا

(۲) یہ درخت پچھلے سال لگائے گئے تھے۔

هٰذِهِ الْاَشْجَارُ كَانَتْ غُرِسَتْ فِي الْعَامِ السَّافِلِ

(۳) یہ دونوں آدمی بمبئی میں تجارت کرتے تھے۔

هٰذَانِ الرَّجُلَانِ كَانَ يَتَّجِرَانِ فِي بَمْبَائِي

(۴) میرے والد دارالعلوم میں پڑھاتے تھے۔

اَبِيْ كَانَ يُعَلِّمُ فِي دَارِ الْعُلُوْمِ

(۵) ہم لوگ سالانہ امتحان میں فیل ہوگئے تھے۔

كُنَّا سَقَطْنَا فِي الْاِخْتِبَارِ السَّنَوِي

(٦) یہ لڑکیاں چکی میں آٹا پیستی تھیں۔

هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ كُنَّ يَطْحَنَّ الدَّقِيْقَ فِي الطَّاحُوْنِ

(۷) میرے والد نے مجھے ایک قیمتی انعام دیا۔

اَبِيْ كَانَ اَعْطَانِيْ جَائِزَةً ثَمِيْنَةً

(۸) کل رات کتے بھونک رہے تھے۔

اَلْكِلَابُ كَانَتْ تَنْبَحُ فِي الْبَارِحَةِ

(۹) تمہاری ملازمہ نے میری گھڑی چرالی تھی۔

خَادِمَتُكُمْ كَانَتْ سَرَقَتْ سَاعَتِی

(۱۰) ان دونوں لڑکیوں نے اس چوری کا پتہ بتایا تھا۔

هَاتَانِ الْبِنْتَانِ كَانَتَا دَالَّتَا عَلٰى هٰذِهِ السَّرِقَةِ

(۱۱) تم دونوں شیر کے ڈکارنے سے ڈر گئے تھے

كُنْتُمَا ذُعِرْتُمَا مِنْ زَئِيْرِ الْأَسَدِ

(۱۲) میرے پڑوسی کا مرغ ہر روز بانگ دیتا تھا۔

دِيْكُ جَارِیْ كَانَ يُؤَذِّنُ / يَصِيْحُ كُلَّ يَوْمٍ

(۱۳) یہ کمرے کل نہیں جھاڑے گئے تھے۔

هٰذِهِ الْغُرَفَاتُ مَا كَانَتْ كُنِسَتْ أَمْسِ

(۱۴) یہ لڑکیاں مدرسۃ البنات میں پڑھتی تھیں۔

هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ كُنَّ يَتَعَلَّمْنَ فِی مَدْرَسَةِ الْبَنَاتِ

(۱۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچپن میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔

رَسُوْلُ اللّٰهِ كَانَ يَرْعَى الْغَنَمَ فِی طُفُوْلَتِهٖ

(۱۶) حضرت ابوبکرؓ اپنی خلافت سے پہلے کپڑے کی تجارت کرتے تھے۔

أَبُوْبَكْرِ نِ الصِّدِّيْقُ ؓ كَانَ يَتَّجِرُ فِی الثَّوْبِ قَبْلَ خِلَافَتِهٖ

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ (۱)

چودھواں سبق (۱)

(قد کے ساتھ فعل ماضی کی تاکید)

فعل ماضی کے اندر اگر تاکید کے معنی پیدا کرنا چاہتے ہو اور تم کو یہ بتانا مقصود ہو کہ فلاں کام ہو چکا یا تم نے فلاں کام کرلیا تو اس کے لئے فعل ماضی کے شروع میں لفظ ”قد“ بڑھا دو جیسے

(۱) وَصَلَ اِلَيَّ كِتَابُكَ (آپ کا خط مجھے ملا)

(۲) قَدْ وَصَلَ اِلَيَّ كِتَابُكَ (آپ کا خط مجھے مل گیا) اور اسی طرح

(۳) قَدْ كَانَ وَصَلَ اِلَيَّ كِتَابُكَ (آپ کا خط مل گیا تھا) ایسے ہی ماضی استمراری پر بھی قَدْ بڑھا کر تاکید کے معنی پیدا کرسکتے ہو جیسے قَدْ كُنْتُ اَرْجُوْمِنْكَ الْخَيْرَ (میں تو آپ سے خیر کی توقع کرتا تھا)

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۷) مشق نمبر (۷۷)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں نے یہ کتاب پڑھ لی قَدْ قَرَأْتُ هٰذَا الْكِتَابَ	(۲) زینب نے اپنا سبق یاد کرلیا قَدْ حَفِظَتْ زَيْنَبُ دَرْسَهَا
(۳) فرید نے اپنی گائے بیچ دی قَدْ بَاعَ فَرِيْدٌ بَقَرَتَهٗ	(۴) ہم دونوں کھانا کھا چکے قَدْ طَعِمْنَا الطَّعَامَ
(۵) ابراہیم کے مہمان واپس چلے گئے قَدْعَادَ ضُيُوْفُ اِبْرَاهِيْمَ	(٦) وہ بکری کل ذبح کردی گئی قَدْ ذُبِحَتْ تِلْكَ الشَّاةَ اَمْسِ

(۷) میرے والد دہلی سے واپس آگئے قَدْ رَجَعَ اَبِیْ مِنَ الدِّھْلِیْ	(۸) ہم نے تجھ کو معاف کر دیا۔ قَدْ عَفَوْنَا عَنْكَ
(۹) میں نے اس سے پہلے آپ کو دیکھا ہے قَدْ رَاَیْتُكَ قَبْلَ ھٰذَا	(۱۰) ہم سب بخیر و عافیت پہنچ گئے قَدْ وَصَلْنَا بِخَیْرٍ وَّعَافِیَةٍ

اَلتَّمْرِیْنُ (۷۸) مشق نمبر (۷۸)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں نے پوری تقریر یاد کر لی تھی۔
قَدْ کُنْتُ حَفِظْتُ الْخُطْبَةَ بِتَمَامِهَا

(۲) میں نے تمہارے خط کا جواب دیدیا تھا۔
قَدْ کُنْتُ رَدَدْتُ عَلَیْکُمْ خِطَابَکُمْ

(۳) فاطمہ بجلی کی کڑک سے ڈر گئی تھی۔
کَانَتْ فَاطِمَةُ قَدْ رَهِبَتْ مِنْ رَعْدِ الْبَرْقِ

(۴) تم دونوں نے میری موت کا یقین کر لیا تھا۔
قَدْ کُنْتُمَا اِسْتَیْقَنْتُمَا بِمَوْتِیْ

(۵) ہم لوگ وقت پر مدرسے پہنچ گئے تھے۔
قَدْ کُنَّا بَلَغْنَا فِیْ مِیْعَادِ الْمَدْرَسَةِ

(۶) میری بہن نے پورا قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔
کَانَتْ اُخْتِیْ قَدْ حَفِظَتِ الْقُرْآنَ کَامِلاً

(۷) ہم لوگ آپ سے مایوس ہو چکے تھے۔
قَدْ کُنَّا قَنَطْنَا مِنْكَ

(۸) تم لوگ اللہ سے اپنی امیدیں منقطع کر چکے تھے۔

قَدْ كُنْتُمْ قَطَعْتُمْ اٰمَالَكُمْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى

(۹) تم لوگ تو ہر امتحان میں فیل ہوتے تھے۔

قَدْ كُنْتُمْ تَسْقُطُوْنَ فِي كُلِّ اِمْتِحَانٍ

(۱۰) واقعی ہم لوگ اپنا وقت ضائع کرتے تھے۔

قَدْ كُنَّا نُضِيْعُ وَقْتَنَا

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ (۲)

(فعل مضارع کی تاکید "قد" اور لام تاکید کے ساتھ)

قَدْ کے ذریعے فعل مضارع کی تاکید[1] لائی جاتی ہے اور اسی طرح لام تاکید کے ذریعے بھی مگر لام تاکید اس وقت لاتے ہیں جب مبتداء پر اِنَّ داخل ہو اور جملہ فعلیہ جیسے اِنِّی لَاَعْرِفُ اَخَاكَ (بے شک میں آپ کے بھائی کو پہچانتا ہوں)۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۹) مشق نمبر (۷۹)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اِنَّ الْوَلَدَ الْبَارَّ لَيُطِيْعُ اَبَاهُ

بے شک صالح بیٹا اپنے باپ کا فرمانبردار ہوتا ہے۔

(۲) اِنَّ الْخَفِيْرَيْنِ لَيَسْهَرَانِ طُوْلَ اللَّيْلِ

بے شک دونوں چوکیدار ساری رات جاگتے رہے۔

(۳) اَلْمُجْتَهِدُوْنَ مِنَ الطَّلَبَةِ قَدْ يُعْرَفُوْنَ بِسِيْمَاهُمْ

محنت کرنے والے طالب علم یقیناً اپنی شکل وصورت سے پہچانے جاتے ہیں۔

(۴) اَلْفَلَّاحُ قَدْ يَاكُلُ بِعَرَقِ جَبِيْنِهٖ

کاشتکار حقیقۃً اپنے خون پسینے کی کمائی کر کے کھاتا ہے۔

(۵) اِنَّا لَنَصْفَحُ عَنْ ذَوِىْ سَفَهٍ

بے شک ہم بے وقوف لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

---

[1] اس کے برعکس قد کبھی تقلیل کیلئے بھی آتا ہے اس وقت اس کا ترجمہ لفظ "کبھی" سے کرتے ہیں۔ جیسے قَدْ يَصْدُقُ الْكَذُوْبُ (جھوٹا شخص کبھی سچ بھی بولتا ہے) جو قد تاکید کے معنی میں مستعمل ہو اس کا ترجمہ واقعی سچ سچ تحقیق وغیرہ سے کرتے ہیں واقعی سچ سچ وغیرہ کے لئے بھی عربی میں بہت سے الفاظ آتے ہیں جیسے فی الحقیقۃ، حقًا وغیرہ۔

(۶) قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ

اللہ تعالیٰ تم میں سے رخنہ ڈالنے والوں کو اچھی طرح جانتے ہیں۔

(۷) وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ

اور بے شک وہ اس سے پہلے اللہ سے وعدہ کر چکے تھے۔

(۸) اِنَّكِ لَتُكْثِرِيْنَ مِنَ الضِّحْكِ يَازَيْنَبُ

زینب بے شک ہنسی مذاق بہت کرتی ہے۔

(۹) اِنَّكُمْ لَتُحْسِنُوْنَ السِّبَاحَةَ

واقعی تم لوگ اچھی طرح تیرنا جانتے ہو۔

(۱۰) اَلنِّسَاءُ قَدْ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ

بے شک خواتین اپنے خاوندوں کے گلے شکوے کرتی ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۰) مشق نمبر (۸۰)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں اپنے وعدے کو پورا کرتا ہوں۔

اِنِّيْ لَاَفِيْ بِوَعْدِيْ

(۲) واقعی تم دونوں فصیح عربی بولتے ہو۔

اِنَّكُمَا لَتَنْطِقَانِ بِالْعَرَبِيَّةِ الْفَصِيْحَةِ

(۳) ہم لوگ آج سچ مچ دلی جا رہے ہیں۔

اِنَّا لَنَذْهَبُ الْيَوْمَ اِلٰى دِهْلِيْ

(۴) تم لوگ پڑھنے میں واقعی محنت کرتے ہو۔

اِنَّكُمْ لَتَجْتَهِدُوْنَ فِي التَّعَلُّمِ

(۵) محنتی لڑکے ضرور پاس ہوتے ہیں۔

اَلْمُجِدُّوْنَ مِنَ الْاَوْلَادِ لَيَنْجَحُوْنَ

(۶) تم عورتیں اپنے شوہروں کی واقعی ناشکری کرتی ہو۔

اِنَّكُنَّ لَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ

(۷) بروں کی صحبت بچوں کو واقعی خراب کر دیتی ہے۔

صُحْبَةُ الْاَشْرَارِ قَدْ تُفْسِدُ الْاَطْفَالَ

(۸) فحش کتابیں نو خیز طلبہ کے اخلاق کو یقیناً متاثر کرتی ہیں۔

اَلْكُتُبُ الْمَاجِنَةُ قَدْ تُؤَثِّرُ عَلٰى اَخْلَاقِ النَّاشِئِيْنَ

(۹) فاطمہ تو واقعی اچھا کھانا پکاتی ہے۔

يَا فَاطِمَةُ اِنَّكِ لَتُحْسِنِيْنَ طَبْخَ الطَّعَامِ

(۱۰) تم دونوں مدرسہ پہنچنے میں ہمیشہ تاخیر ہی کرتے ہو۔

اِنَّكُمَا لَتَتَاَخَّرَانِ فِي الْوُصُوْلِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ عَلَى الدَّوَامِ

(۱۱) والدین اپنے بچوں کی واقعی خیر خواہی کرتے ہیں۔

اَلْوَالِدَانِ قَدْ يَنْصَحَانِ لِاَطْفَالِهِمَا

(۱۲) لوگ آپ پر واقعی اعتماد کرتے ہیں۔

قَدْ نَعْتَمِدُ عَلَيْكُمْ

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ عَشَرَ

پندرھواں سبق

(لَمْ، لَمَّا و لَنْ کے ساتھ فعل نفی)

درس نمبر ۸ میں ہم نے تم کو بتایا تھا کہ مَا و لَا کی طرح لَمْ لَمَّا اور لَنْ کے ساتھ بھی فعل کی نفی کی جاتی ہے۔ اب ہم یہاں تم کو اس کی تفصیل بتاتے ہیں۔ لَمْ اور لَمَّا یہ دونوں حروف فعل مضارع پر داخل ہو کر اس کو ماضی منفی کے معنی میں بدل دیتے ہیں۔ جیسے لَمْ یَذْهَبْ (وہ نہیں گیا) لَمَّا یَذْهَبْ (وہ اب تک نہیں گیا)

لَمْ اور لَمَّا کے درمیان معنی کے اعتبار سے تھوڑا سا فرق ہے اور وہ یہ کہ حرف لَمْ زمانہ ماضی میں مطلق نفی کے لئے آتا ہے اور لَمَّا زمانہ ماضی میں اس طرح نفی کرتا ہے کہ اس کی نفی بولنے کے وقت تک سمجھی جاتی ہے اوپر کی دونوں مثالوں میں غور کریں۔

(۱) ان دونوں حرفوں کے داخل ہونے سے فعل مضارع کا آخری حرف ساکن ہو جاتا ہے۔

(۲) چاروں تثنیہ مذکر غائب و جمع مذکر حاضر اور واحد مؤنث حاضر سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔

(۳) آخر میں اگر کوئی حرف علت ہو تو وہ بھی گرا دیا جاتا ہے جیسے پانی سے لَمْ یَأْتِ (وہ نہیں آیا) اور لَمَّا یَأْتِ (وہ اب تک نہیں آیا)

فائدہ: لَمْ اور لَمَّا کا معنوی فرق بھی تم سمجھ گئے اب ایک مزید فائدہ کی بات سمجھو جس فعل مضارع پر لَمْ داخل ہو اس کے بعد اگر لفظ بَعْدُ یا اِلَی الْآنَ بڑھا دو تو وہ بھی لَمَّا "اب تک" کے معنی دے گا جیسے لَمْ یَذْهَبْ بَعْدُ (وہ اب تک نہیں گیا) یا لَمْ یَذْهَبْ اِلَی الْآنَ (وہ اب تک نہیں گیا) اسی طرح مزید تاکید کے بعد بھی لَمَّا یَذْهَبْ بَعْدُ بھی

کہتے ہیں۔

لَنْ بھی فعل مضارع ہی پر داخل ہوتا ہے اور معنی کے اعتبار سے مستقبل میں نفی کی تاکید کرتا ہے جیسے لَنْ یَذْھَبَ (وہ ہرگز نہیں جائیگا)

(۱) لَنْ کے دخول سے فعل مضارع کا آخری حرف مفتوح ہو جاتا ہے جیسے لَنْ یَذْھَبَ

(۲) چاروں تثنیہ جمع مذکر غائب و حاضر اور واحد مؤنث حاضر سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔

(۳) آخر کا حرف علت متحرک مفتوح ہو جانے کی وجہ سے باقی رہتا ہے۔ جیسے لَنْ یَأْتِیَ

فائدہ: بقیہ حروف ناصبہ اَنْ، کَیْ، اِذَنْ کا عمل بھی وہی ہے جو لَنْ کے سلسلہ میں اوپر بتایا گیا ہے البتہ معنی کے اعتبار سے یہ مختلف ہیں۔

(۱) اَنْ (کہ) مصدری معنی کے لئے جیسے یَسُرُّنِیْ اَنْ تَنْجَحَ (یَسُرُّنِیْ نَجَاحُكَ) اور اسی طرح اُرِیْدُ اَنْ اَزُوْرَكَ (اُرِیْدُ زِیَارَتَكَ) وغیرہ۔

(۲) کَیْ (تا کہ) جیسے اِجْتَھِدْ اَنْ تَفُوْزَ (کوشش کرتا کہ کامیاب ہو) اِذَنْ (تب، تو اس وقت وغیرہ)

(۳) لام تعلیل اور حتی کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اس لئے حتی اور لام تعلیل بھی ان ہی کی طرح عمل کرتے ہیں۔ (اسی طرح فاسبیہ لام جحود، اَوْ وغیرہ) کے بعد بھی اَنْ مقدر ہوتا ہے مگر ان کا بیان جلد دوم میں آئے گا۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۸۱) مشق نمبر (۸۱)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْقِطَارُ لَمْ یَتَأَخَّرْ عَنْ مَوْعِدِہٖ

ریل گاڑی اپنے وقت مقررہ سے لیٹ نہیں ہوئی۔

(۲) اَنَا لَمْ اَرْسُبْ فِي الْاِمْتِحَانِ قَطُّ

میں امتحان میں کبھی فیل نہیں ہوا۔

(۳) اَخَوَایَ لَمْ یُسَافِرَا اِلٰی دِھْلِی

میرے دو بھائیوں نے دہلی کی طرف سفر نہیں کیا۔

(۴) اُولٰٓئِكَ التَّلَامِیْذُ خَرَجُوْا اِلَی الْمَتْحَفِ وَلَمَّا یَرْجِعُوْا

وہ طلباء عجائب خانہ کی طرف گئے اور اب تک واپس نہیں آئے۔

(۵) اُولٰٓئِكَ الْكَافِرُوْنَ لَمْ یُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

وہ کافر لوگ اللہ پر ایمان نہیں لائے۔

(۶) الرَّجُلُ لَمَّا یَقْضِ دَیْنَهٗ

آدمی نے ابھی تک اپنا قرضہ نہیں چکایا۔

(۷) كَبُرَ الْغُلَامُ وَلَمَّا یَتَهَذَّبْ

لڑکا بڑا ہوگیا اور ابھی تک مہذب نہیں بنا۔

(۸) غَامَتِ السَّمَآءُ وَلَمْ تُمْطِرْ

آسمان پر بادل چھا گئے اور برسے نہیں۔

(۹) ذَانِكَ الضَّیْفَانِ لَمَّا یَاْكُلَا الْعَشَاءَ

ان دو مہمانوں نے ابھی تک شام کا کھانا نہیں کھایا۔

(۱۰) بَقَرَتَایَ لَمْ تَعْلَفَا مُنْذُ یَوْمَیْنِ

میری دو گائیوں نے دو دن سے گھاس (چارہ) نہیں کھایا۔

(۱۱) مَا خَطْبُكِ یَا فَاطِمَةُ؟ لَمْ تَحْفَظِی الدَّرْسَ

اے فاطمہ تیرا کیا حال ہے؟ تو نے سبق یاد نہیں کیا۔

(۱۲) اَلتِّلْمِيْذَاتُ الْمُجْتَهِدَاتُ لَمْ يَسْقُطْنَ فِي الْاِمْتِحَانِ

محنت کرنے والی طالبات امتحان میں فیل نہیں ہوئیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۲) مشق نمبر (۸۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) ریل گاڑی ابھی نہیں آئی ہے۔

اَلْقِطَارُ لَمْ يَبْلُغْ اِلَى الْاٰنَ

(۲) ان دو مسافروں نے اپنے ٹکٹ نہیں خریدے

هٰذَانِ الْمُسَافِرَانِ لَمْ يَشْتَرِيَا تَذَاكِرَهُمَا

(۳) یہ لڑکے امتحان میں کامیاب نہیں ہوئے۔

هٰؤُلَاءِ الْاَوْلَادُ لَمْ يَفُوْزُوْا فِي الْاِمْتِحَانِ

(۴) میں نے کھیل میں اپنا وقت ضائع نہیں کیا۔

لَمْ اُضِعْ وَقْتِيْ فِي اللَّعِبِ

(۵) تم دونوں نے میری بات نہیں مانی۔

لَمْ تُطِيْعَانِيْ

(۶) ملازمین نے کھانا نہیں کھایا۔

اَلْعُمَّالُ لَمْ يَأْكُلُوْا الطَّعَامَ

(۷) ان مجرموں نے اب تک جرم کا اعتراف نہیں کیا۔

هٰؤُلَاءِ الْمُجْرِمُوْنَ لَمَّا يَعْتَرِفُوْا بِجُرْمِهِمْ

(۸) اب تک سردی ختم نہیں ہوئی۔

اَلْبَرْدُ لَمْ يَنْتَهِ اِلَى الْاٰنَ

(۹) فاطمہ نے اس درخت سے کوئی پھل نہیں توڑا۔

فَاطِمَةُ لَمْ تَقْطِفْ ثَمَرَةً مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ

(۱۰) زینب تو نے آج صبح کا کھانا نہیں کھایا۔

زَيْنَبُ لَمْ تَتَغَدَّى الْيَوْمَ

(۱۱) یہ دونوں کمرے ابھی نہیں جھاڑے گئے۔

هَاتَانِ الْغُرْفَتَانِ لَمْ تُكْنَسَا بَعْدُ

(۱۲) مدرسہ ابھی نہیں کھلا ہے اور نہ ابھی پڑھائی شروع ہوئی ہے۔

اَلْمَدْرَسَةُ لَمْ تَنْفَتِحْ وَلَمَّا تَبْتَدِیءُ الدِّرَاسَةُ

(۱۳) ہم لوگ مغربی تہذیب سے متاثر نہیں ہوئے۔

لَمْ نَتَأَثَّرْ بِالْحَضَارَةِ الْغَرْبِيَّةِ

(۱۴) ان لڑکیوں نے اب تک روٹیاں نہیں پکائیں۔

هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ لَمْ يَطْبَخْنَ الرَّغِيفَ اِلَى الْاٰنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۳) مشق نمبر (۸۳)

(لَنْ کے ذریعے فعل مستقبل میں نفی کی تاکید)

(۱) لَنْ يَرْضَى اللّٰهُ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اللہ روز قیامت مشرکوں سے ہرگز راضی نہیں ہوگا۔

(۲) اَلْمُشْرِكُ بِاللّٰهِ لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ

اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والا ہرگز جنت میں داخل نہ ہوگا۔

(۳) اَلْحُزْنُ لَنْ يَرُدَّ الْفَائِتَ

غم فوت شدہ چیز کو ہرگز نہیں لوٹا سکتا۔

(۴) اَخَوَایَ لَنْ يُسَافِرَا اِلٰى اُوْرُبَّا

میرے دونوں بھائی یورپ کا سفر ہرگز نہیں کریں گے۔

(۵) اُولٰئِكَ الْفَلاَّحُوْنَ لَنْ يَبِيْعُوْا الْقُمْحَ بِالْاَرُزِّ

وہ کاشتکار گندم کو چاول کے بدلے ہرگز نہیں بیچیں گے۔

(۶) اَلْمُؤْمِنَاتُ الْقَانِتَاتُ لَنْ يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ اَحَدًا

فرمانبردار خواتین اللہ کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں ٹھہرائیں گی۔

(۷) لَاتَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا

مت چل زمین میں اکڑ کر

(۸) اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلاً

بے شک تو ہرگز نہیں پھاڑ سکتا زمین کو اور نہ تو پہاڑوں کی لمبائی کو پہنچ سکتا ہے۔

(۹) اَنْتِ لَنْ تَسْتَطِيْعِي الْمَشْيَ فِي تِلْكَ الْاَرْضِ

تو عورت ہرگز نہیں چل سکے گی اس زمین میں۔

(۱۰) ذَانِكَ الرَّجُلَانِ لَنْ يَكْتُمَا الشَّهَادَةَ وَلَنْ يَشْهَدَا بِالزُّوْرِ

وہ دو آدمی گواہی ہرگز نہیں چھپائیں گے اور ہرگز جھوٹی گواہی نہ دیں گے۔

(۱۱) هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ لَنْ يَسْتَطِعْنَ الصَّبْرَ عَلَى الْجُوْعِ

یہ لڑکیاں بھوک پر صبر کی طاقت ہرگز نہیں رکھ سکیں گی۔

(۱۲) مُسْلِمُوْ الْهِنْدِلَنْ يَرْضَوْا بِالْحَضَارَةِ الْوَثَنِيَّةِ

ہندوستان کے مسلمان بت پرستوں کی تہذیب کو ہرگز پسند نہیں کریں گے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۴) مشق نمبر (۸۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں بروں کی صحبت میں ہرگز نہیں بیٹھوں گا۔

لَنْ اُصَاحِبَ الْاَشْرَارَ

(۲) ہم لوگ پڑھنے میں ہرگز سستی نہ کریں گے۔

لَنْ نَتَكَاسَلَ فِي التَّعَلُّمِ

(۳) یہ دونوں لڑکے امتحان میں ہرگز پاس نہ ہوں گے۔

هٰذَانِ الْوَلَدَانِ لَنْ يَنْجَحَا فِي الْاِخْتِبَارِ

(۴) تم لوگ کل میچ ہرگز نہیں کھیلو گے۔

لَنْ تَلْعَبُوْا فِي الْمُبَارَاةِ غَدًا

(۵) یہ لوگ اپنی زیادتیوں سے ہرگز باز نہ آئیں گے۔

لَنْ يَمْتَنِعُوْا مِنْ اِعْتِدَاءَاتِهِمْ

(۶) ہم لوگ باطل کے آگے ہرگز نہیں جھکیں گے۔

لَنْ نَخْضَعَ لِلْبَاطِلِ

(۷) مسلمان عورتیں بے پردگی کو ہرگز پسند نہ کریں گی۔

اَلْمُسْلِمَاتُ لَنْ يَرْضَيْنَ بِالسُّفُوْرِ

(۸) میرا بھائی اس راز کو ہرگز افشا نہ کرے گا۔

لَنْ يُفْشِيَ اَخِيْ هٰذَا السِّرَّ

(۹) تم دونوں گاڑی کے وقت پر ہرگز اسٹیشن نہیں پہنچو گے۔

لَنْ تَصِلَا الْمُحَطَّةَ فِي الْمِيْعَادِ الْقِطَارِ

(۱۰) تو اس چھت پر ہرگز نہیں چڑھ سکے گی۔

لَنْ تَصْعَدِيْ عَلٰى هٰذَا السَّقْفِ

(۱۱) آئندہ سے ہم لوگ ہرگز فضول خرچی نہیں کریں گے۔

لَنْ نُبَذِّرَ فِي الْاِسْتِقْبَالِ

(۱۲) میرے والد مصارف میں ہرگز تنگی نہ کریں گے۔

لَنْ يَقْتُرَ اَبِيْ فِي النَّفَقَاتِ

(۱۳) وہ لوگ اپنے وعدہ کو ہرگز پورا نہ کریں گے۔

لَنْ يُوْفُوْا بِوَعْدِهِمْ

(۱۴) اللہ مشرکین کو ہرگز معاف نہیں کرے گا۔

لَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِلْمُشْرِكِيْنَ

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ عَشَرَ

سولھواں سبق

(فعل مستقبل مثبت کی تاکید)

فعل مضارع پر لام تاکید اور نون تاکید داخل کر کے فعل مثبت مستقبل کی تاکید کی جاتی ہے۔ جیسے لَيَذْهَبَنَّ (وہ ضرور جائے گا)

نون تاکید دو طرح کے ہیں۔ ثقیلہ اور خفیفہ، نون ثقیلہ سے مراد نون مشدد (نَّ) ہے اور خفیفہ سے نون ساکن (نْ) مراد لیا جاتا ہے جیسے لَيَذْهَبَنْ (وہ ضرور جائے گا) نون ثقیلہ کے احکام حسب ذیل ہیں۔

(١) چاروں تثنیہ، جمع مذکر غائب و حاضر اور واحد مؤنث حاضر سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔

(٢) جمع مذکر غائب اور حاضر دونوں سے واؤ اور واحد مؤنث سے حاضر سے ی بھی گرا دیتے ہیں۔

(٣) جمع مؤنث غائب و جمع مؤنث حاضر کے نون اور نون ثقیلہ کے درمیان الف فاصل بڑھا دیتے ہیں۔

(٤) نون ثقیلہ جو الف کے بعد ہوں (یعنی چاروں تثنیہ اور دونوں جمع مؤنث میں) مکسور ہوتے ہیں اور باقی مفتوح۔

(٥) مضارع کا لام کلمہ جمع مذکر غائب و حاضر میں مضموم اور واحد مؤنث حاضر میں مکسور ہوتا ہے اور باقی پانچ صیغوں میں (جس میں الف نہیں ہے) مفتوح ہوتا ہے۔

گردان ملاحظہ فرمائیں۔

لَيَضْرِبَنَّ لَيَضْرِبَانِّ لَيَضْرِبُنَّ

لَتَصْبِرَنَّ	لَتَصْبِرَانِّ	لَيَصْبِرْنَانِّ
لَتَصْبِرُنَّ	لَتَصْبِرَانِّ	لَتَصْبِرُنَّ
لَتَصْبِرِنَّ	لَتَصْبِرَانِّ	لَتَصْبِرْنَانِّ
لَاَصْبِرَنَّ	لَنَصْبِرَنَّ	

نون خفیفہ کے کل آٹھ ہی صیغے ہوتے ہیں۔ نون خفیفہ ان صیغوں میں نہیں آتا جن میں نون ثقیلہ سے پہلے الف آتا ہے یعنی چاروں تثنیہ اور دونوں جمع مؤنث واحد و حاضر میں۔

فائدہ: فعل ماضی کی تاکید نون تاکید سے نہیں کی جاتی۔

(۱) اسی طرح فعل مضارع جو حال کے معنی میں ہو یا منفی ہو نون تاکید کے ساتھ اس کی تاکید لانا صحیح نہیں ہے اور اسے ہی جبکہ لام تاکید اور نون تاکید والے فعل کے درمیان فصل ہو جائے۔ مثالیں علی الترتیب حسب ذیل ہیں۔

(۱) وَاللّٰهِ لَاَقُوْمُ بِوَاجِبِيْ الْاٰنَ (۲) وَاللّٰهِ لَااُسَاعِدُكَ

(۳) تَاللّٰهِ لَسَوْفَ اَخْدِمُ الْوَطَنَ

(۲) لام تاکید اور نون تاکید کے درمیان جب کسی لفظ سے فصل نہ ہو اور وہ فعل قسم کے جواب میں ہو تو تاکید لانا ضروری ہوتا ہے وَاللّٰهِ لَاَقُوْمَنَّ بِوَاجِبِيْ۔ وَاللّٰهِ لَا اُسَاعِدَنَّكَ، تَاللّٰهِ لَاَخْدِمَنَّ الْوَطَنَ

(۳) فعل امر و نہی کی بھی تاکید نون تاکید سے کی جاتی ہے۔

امر، نہی، استفہام، عرض، تمنا، تحضیض اور اِمَّا (اِنْ ما) کی تاکید لانا اور نہ لانا دونوں صحیح ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۵) مشق نمبر (۸۵)

(مستقبل مثبت کی تاکید نون تاکید کے ساتھ)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) وَاللّٰهِ لَاَنْتَصِرَنَّ لِلْمَظْلُوْمِيْنَ وَلَاَعْطِفَنَّ عَلَى الْبَائِسِيْنَ

اللہ کی قسم میں مظلوموں کی ضرور ضرور مدد کروں گا اور بدحال لوگوں پر ضرور ضرور شفقت کروں گا۔

(۲) اَنَا لَاٰ لَاَلْقَيَنَّكُمْ بَعْدَ غَدٍ (اِنْ شاء اللّٰهُ)

میں آئندہ پرسوں ضرور ضرور آپ سے ملوں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۳) ذَانِكَ السَّيَاحَانِ لَيَزُوْرَانِّ بِلَادَنَا

وہ دونوں سیاح ہمارے شہروں کو ضرور دیکھیں گے۔

(۴) اَلْمُسِيْئُوْنَ اِلَى النَّاسِ لَيَذُوْقُنَّ وَبَالَ اَمْرِهِمْ

لوگوں کے ساتھ برائی کرنے والے اپنے کام (عمل) کا وبال ضرور چکھیں گے۔

(۵) اَنْتُمَا لَتَعْرِفَانِّ صِدْقَ مَقَالَتِي

تم دونوں میرے قول کی سچائی ضرور اقرار کرو گے۔

(۶) نَحْنُ لَنُرَحِّبَنَّ بِقُدُوْمِكُمْ وَلَنَفْرَحَنَّ بِلِقَائِكُمْ

ہم آپ کے تشریف لانے پر آپ کو ضرور خوش آمدید کہیں گے اور آپ سے مل کر ضرور خوش ہونگے۔

(۷) وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِيْنَ

اور البتہ اللہ تعالیٰ ضرور بہ ضرور جان لیں گے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور ضرور ضرور جان لیں گے منافقوں کو۔

(۸) لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

تو البتہ ضرور بہ ضرور مسجد حرام میں داخل ہوگا اگر اللہ نے چاہا۔

(۹) اَنَا لَاَذْبَحَنَّ الشَّاۃَ لِهٰٓؤُلَآءِ الضُّيُوْفِ

میں ضرور بہ ضرور بکری ذبح کروں گا ان مہمانوں کے لئے۔

(۱۰) اَنْتِ لَتَطْبَخِنَّ الطَّعَامَ وَلَتُجِيْدِنَّهٗ

تو ضرور کھانا پکائے گی اور اسے اچھا کر کے پکائے گی۔

(۱۱) هٰٓؤُلَآءِ الْبَنَاتُ لَيَقْتَصِدْنَانِّ فِي النَّفَقَاتِ

یہ لڑکیاں خرچ کرنے میں میانہ روی اپنائیں گی۔

(۱۲) اَنْتُنَّ لَتَكْرَهْنَانِّ السُّفُوْرَ وَلَتَلْزَمْنَانِّ الْبُيُوْتَ

تم سب خواتین بے پردگی کو ضرور ناپسند کرو گی اور گھروں کو لازم پکڑو گی۔ (بیٹھی رہو گی)

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۶) مشق نمبر (۸۶)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اللہ تعالیٰ اپنے دین کو ضرور غالب کرے گا۔

لَيُظْهِرَنَّ اللّٰهُ دِيْنَهٗ

(۲) ہم اللہ کی راہ میں ضرور جہاد کریں گے۔

لَنُجَاهِدَنَّ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

(۳) ہم دونوں بقر عید کی چھٹیوں میں ضرور گھر جائیں گے۔

لَنَذْهَبَنَّ اِلَى الْبَيْتِ فِي تَعْطِيْلَاتِ عِيْدِ الضُّحٰى

(۴) تم لوگ میری ملاقات سے ضرور خوش ہو گے۔

لَتَفْرَحُنَّ بِلِقَائِي

(۵) یہ مقدمہ عدالت میں ضرور پیش کیا جائے گا۔

لَتُرْفَعَنَّ هٰذِهِ الْقَضِيَّةُ إِلَى الْمَحْكَمَةِ

(۶) یہ دونوں لڑکے امتحان میں ضرور فیل ہونگے۔

لَيَرْسُبَنَّ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ فِي الْاِخْتِبَارِ۔

(۷) آپ لوگ اس خبر سے یقیناً رنجیدہ ہونگے۔

لَتَحْزَنُنَّ بِهٰذَا الْخَبَرِ

(۸) فاطمہ تو اس انعام سے ضرور خوش ہوگی۔

يَا فَاطِمَةُ لَتَفْرَحِنَّ بِهٰذِهِ الْجَائِزَةِ

(۹) بروں کی صحبت تمہارے اخلاق کو ضرور بگاڑ دے گی۔

مَجْلِسُ الْاَشْرَارِ لَيُفْسِدَنَّ اَخْلَاقَكُمْ

(۱۰) تمہارے والدین اس بات سے یقیناً ناراض ہونگے۔

لَيَسْخَطَنَّ اَبَوَاكُمْ بِهٰذَا الْاَمْرِ

(۱۱) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ضرور محاسبہ کرے گا۔

لَيُحَاسِبَنَّ اللّٰهُ عِبَادَهُ

(۱۲) تم لوگ دشمنوں سے ضرور جنگ کروگے۔

لَتُحَارِبُنَّ اَعْدَائَكُمْ

(۱۳) یہ لڑکیاں امتحان میں ضرور کامیاب ہونگی۔

هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ لَيَنْجَحْنَانِ فِي الْاِخْتِبَارِ

(۱۴) تم عورتیں اپنے بچوں کو ضرور ادب سکھاؤ گی۔

لَتُؤَدِّبْنَانِّ اَوْلَادَكُنَّ

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۷) مشق نمبر (۸۷)

(فعل امر کی تاکید نون ثقیلہ کے ساتھ)

لِيَصْبِرَنَّ لِيَصْبِرَانِّ لِيَصْبِرُنَّ	اِصْبِرَنَّ، اِصْبِرَانِّ، اِصْبِرُنَّا	لِاَصْبِرَنَّ
لِتَصْبِرَنَّ لِتَصْبِرَانِّ، لِيَصْبِرْنَانِّ	اِصْبِرِنَّ، اِصْبِرَانِّ، اِصْبِرْنَانِّ	لِنَصْبِرَنَّ

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اُتْرُكِ اللَّعِبَ وَاَقْبِلَنَّ عَلٰى عَمَلِكَ

تو ایک مرد کھیل ترک کر اور اپنے کام کی طرف دھیان دے۔

(۲) تَجَنَّبَنَّ الْمِزَاحَ الْكَثِيْرَ يَا خَالِدُ

اے خالد تو زیادہ ہنسی مذاق کرنے سے ضرور پرہیز کر۔

(۳) اِحْفَظَنَّ عَهْدَ الصَّدِيْقِ وَارْعَيَنَّهٗ

تو دوست کے وعدہ کو ضرور یاد رکھ اور اسے ضرور پورا کر۔

(۴) اِبْتَعِدَانِّ اَنْتُمَا عَنْ صُحْبَةِ الْاَشْرَارِ

تم دونوں بروں کی صحبت سے ضرور دور رہو۔

(۵) تَعَوَّدُنَّ مَقَالَ الصِّدْقِ يَا بَنِيَّ

تم سچی بات کی ضرور عادت بناؤ اے میرے بیٹو۔

(۶) اِفْهَمْنَانِّ الدَّرْسَ يَا تِلْمِيْذَاتُ

اے طالبات تم سبق کو ضرور سمجھو۔

(۷) لِيَنْصُرَنَّ الْقَوِيُّ الضَّعِيْفَ مِنْكُمْ

تم میں سے طاقتور کمزور کی ضرور مدد کرے۔

~~(۸) لِيَنْظُرَنَّ الْاِنْسَانُ اِلٰى عَمَلِهٖ~~

انسان اپنے کردار کی طرف ضرور دیکھے۔

(۹) عَامِلُنَّ النَّاسَ بِالرِّفْقِ وَالْمَوَدَّةِ

لوگوں کے ساتھ تم ضرور نرمی اور محبت کا معاملہ کرو۔

(۱۰) اِحْفَظِنَّ دَرْسَكِ يَامَرْيَمُ وَاكْتُبِنَّهُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ

اے مریم تو اپنا سبق ضرور یاد کر اور اسے کاپی پر ضرور لکھ۔

(۱۱) اِمْنَعَنَّ الصِّغَارَ عَنِ الْكُتُبِ الْمَاجِنَةِ

تو چھوٹے بچوں کو فحش کتابوں سے ضرور منع کر۔

(۱۲) اِلْزَمْنَانِّ بُيُوْتَكُنَّ يَانِسَآءَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اے مومنوں کی عورتوں تم ضرور اپنے گھروں میں قرار پکڑو۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۸) مشق نمبر (۸۸)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) ہر روز صبح کو چہل قدمی کے لئے ضرور نکلو۔

اُخْرُجُنَّ كُلَّ صَبَاحٍ لِلتَّفَرُّجِ

(۲) تم لوگ ہر ہفتہ مجھے ضرور خط لکھا کرو۔

اُرْسِلُنَّ اِلَيَّ رِسَالَةً فِي كُلِّ اُسْبُوْعٍ

(۳) کھیل کے اوقات میں ضرور کھیلو

اِلْعَبُنَّ فِي اَوْقَاتِ اللَّعِبِ

(۴) خالد! تو اپنے مہمان کے لئے ایک بکری ضرور ذبح کرو۔

يَا خَالِدُ اِذْبَحَنَّ شَاةً لِضَيْفِكَ

(۵) ہم میں سے ہر شخص محلہ کے مسکینوں کی ضرور مدد کرے۔

لِيَنْصُرَنَّ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَّا مَسَاكِيْنَ الْمَحَلَّةِ

(۶) ہم لوگ دو دو آدمیوں کو ضرور پڑھنا سکھائیں۔

لَنُعَلِّمَنَّ الرَّجُلَيْنِ

(۷) محمود تو ہر روز ضرور مسواک کیا کر۔

يَا مَحْمُوْدُ اِسْتَاكَنَّ كُلَّ يَوْمٍ

(۸) تم دونوں عربی زبان ضرور سیکھو۔

تَعَلَّمَانِّ اللُّغَةَ الْعَرَابِيَّةَ

(۹) ہر روز قرآن مجید کی تلاوت ضرور کرو۔

اُتْلُوُنَّ الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ كُلَّ يَوْمٍ

(۱۰) فاطمہ تو اپنے والدین کی خدمت ضرور کر۔

يَا فَاطِمَةُ اخْدِمِنَّ وَالِدَيْكِ

(۱۱) یہ لڑکیاں اب ضرور پردہ کریں۔

لَتَحْتَجِبْنَّ هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ الْآنَ

(۱۲) یہ بچے اب ضرور نماز پڑھا کریں۔

لَيُصَلِّيَنَّ هٰؤُلَآءِ الْاَوْلَادُ الْآنَ

(۱۳) مجبور و پریشان حال لوگوں کی ضرور خبر گیری کرو۔

تَعَهَّدُنَّ الْمُضْطَرِّيْنَ وَالْمُضْطَرِبِيْنَ

(۱۴) حق بات کہو اگرچہ اس میں کوئی بڑا خسارہ ہی کیوں نہ ہو۔

قُوْلُوْا كَلِمَةَ حَقٍّ وَّلَوْ كَانَتْ فِيْهِ خَسَارَةٌ كَبِيْرَةٌ

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۹) مشق نمبر (۸۹)

(فعل نہی کی تاکید نون ثقیلہ کے ساتھ)

لَايَذْهَبَنَّ، لَايَذْهَبَانِّ، لَايَذْهَبُنَّ، لَاتَذْهَبَنَّ، لَاتَذْهَبَانِّ، لَايَذْهَبْنَانِّ، لَااَذْهَبَنَّ	لَاتَذْهَبَنَّ، لَاتَذْهَبَانِّ، لَاتَذْهَبُنَّ، لَاتَذْهَبِنَّ، لَاتَذْهَبَانِّ، لَاتَذْهَبْنَانِّ، لَانَذْهَبَنَّ

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) عَامِلَنَّ النَّاسَ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا تُسِيْئَنَّ اِلٰى اَحَدٍ

تو لوگوں کے ساتھ بھلائی کا معاملہ ضرور کر اور کسی کے ساتھ بدسلوکی نہ کر۔

(۲) لَاتَصْنَعَنَّ الْمَعْرُوْفَ فِي غَيْرِ اَهْلِهٖ

نالائق پر احسان ہرگز نہ کر۔

(۳) اِذَا عَاتَبْتَ صَدِيْقًا فَلَا تُبَالِغَنَّ فِي عِتَابِهٖ

جب تو کسی ساتھی سے ناراضگی کا اظہار کرے تو اس میں مبالغہ ہرگز نہ کر۔

(۴) لَا يَعْتَمِدَنَّ اَحَدٌ عَلٰى غَيْرِ نَفْسِهٖ

کوئی شخص اپنی ذات کے علاوہ کسی پر بھروسہ ہرگز نہ کرے۔

(۵) لَاتَدْخُلُنَّ بُيُوْتَ غَيْرِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْذِنُوْا

دوسرے لوگوں کے گھروں میں ہرگز داخل نہ ہو جب تک اجازت نہ لے لو۔

(۶) اِفْهَمْنَ الدَّرْسَ يَاتِلْمِيْذَاتُ وَلَا تَلْعَبْنَانِّ

اے طالبات سبق کو سمجھو اور ہرگز نہ کھیلو۔

(۷) لَايَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ

وہ لوگ ہرگز نہیں روک سکتے اللہ کی آیات سے باوجود اس کے وہ آپ کی طرف اتاری گئیں۔

(۸) وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَاتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

اپنے رب کی طرف بلایئے اور مشرکین سے ہرگز نہ ہو جائیں۔

(۹) لَاتَخْرُجِنَّ فِي الشَّمْسِ يَارَيْحَانَةُ

اے ریحانہ تو دھوپ میں ہرگز نہ نکل

(۱۰) لَاتُكْثِرَانِّ مِنَ الضِّحْكِ يَافَاطِمَةُ وَيَازَيْنَبُ

اے فاطمہ اور اے زینب تم دونوں زیادہ مذاق ہرگز نہ کرو۔

(۱۱) لَاتَمْدَحَنَّ امْرَءً ا حَتّٰى تُجَرِّبَهٗ

کسی آدمی کی ہرگز تعریف مت کر جب تک تو اسے آزمانہ لے۔

(۱۲) وَلَا تَذُمَّنَّهٗ مِنْ غَيْرِ تَجْرِيْبٍ

اور بغیر آزمائے اس کی برائی بھی ہرگز نہ کر۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۰) مشق نمبر (۹۰)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) کھیل میں اپنا وقت ہرگز ضائع نہ کرو۔

لَاتُضِيْعُنَّ وَقْتَكُمْ فِي اللَّعِبِ

(۲) تم دونوں ایک ساتھ ہرگز نہ کھیلو۔

لَاتُلَاعِبَانِّ

(۳) کوئی شخص اپنے بھائی کی ہرگز غیبت نہ کرے۔

لَايَغْتَابَنَّ اَحَدٌ اَخَاهُ

(۴) وہ لوگ تمہارے کمرے میں ہرگز داخل نہ ہوں۔

لَايَدْخُلَنَّ فِي حُجْرَتِكُمْ

(۵) اسراف سے بچو اور ہرگز فضول خرچی نہ کرو۔

تَجَنَّبُوْا الْاِسْرَافَ وَلَا تُبَذِّرُنَّ

(۶) تم عورتیں اپنی بہنوں کا ہرگز مذاق نہ اڑاؤ

لَاتَسْخَرْنَانِّ مِنْ اَخَوَاتِکُنَّ

(۷) ہم میں سے کوئی شخص خدا کے سوا ہرگز کسی سے نہ ڈرے۔

لَایَخَافَنَّ اَحَدٌ مِنَّا اِلَّا اللّٰہَ

(۸) تم میں سے کوئی شخص اندھے سے ہرگز مذاق نہ کرے۔

لَایَھْزَأَنَّ اَحَدٌ مِّنْکُمْ مِنَ الْاَعْمٰی

(۹) جب تم وعدہ کرو تو ہرگز وعدہ خلافی نہ کرو۔

اِذَا وَعَدْتُمْ فَلَا تُخْلِفُنَّ الْوَعْدَ

(۱۰) عائشہ! تو کسی سائل کو ہرگز نہ ڈانٹ۔

یَاعَائِشَۃُ لَاتَنْھَرِنَّ سَائِلاً

(۱۱) لوگوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرو اور ہرگز سختی نہ کرو۔

عَامِلُوْا النَّاسَ بِالرِّفْقِ وَلَا تُعَنِّفُنَّ عَلَیْھِمْ

(۱۲) تم عورتیں ہرگز بے پردہ نہ نکلو

لَاتَخْرُجْنَانِّ بِغَیْرِ حِجَابٍ

اَلتَّمْرِیْنُ (۹۱) مشق نمبر (۹۱)

(بقیہ حروف ناصبہ اَنْ، کَیْ، اِذَنْ کا استعمال)

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) تَعَلَّمُوْا قَبْلَ اَنْ تَسَوَّدُوْا

سردار بننے سے پہلے تعلیم حاصل کرو۔

(۲) یَجِبُ اَنْ تُفَکِّرَ فِی الْعَمَلِ قَبْلَ الشُّرُوْعِ فِیْهِ

کام کو شروع کرنے سے پہلے اس میں سوچنا ضروری ہے۔

(۳) اِفْتَحْ نَوَافِذَ الْحُجْرَةِ كَيْ يَتَجَدَّدَ هَوَاءُهَا

کمرے کی کھڑکیاں کھول تا کہ تازہ ہوا اندر داخل ہو۔

(۴) نَحْنُ نَتَعَلَّمُ كَيْ نَخْدِمَ الدِّيْنَ

ہم علم حاصل کر رہے ہیں تا کہ دین کی خدمت کریں۔

(۵) اَرْجُوْ اَنْ اَزُوْرَ مَدِيْنَتَكُمْ فِي الْاُسْبُوْعِ الْاٰتِيْ

امید ہے کہ میں اگلے ہفتے میں آپ کا شہر دیکھوں گا۔

(۶) اِذَنْ تُقِيْمَ عِنْدَنَا وَنَحْنُ نَسْعَدُ بِاِقَامَتِكُمْ فِيْنَا

تب آپ ہمارے پاس ٹھہریں ہم اپنے پاس آپ کے ٹھہرنے پر خوش قسمت ٹھہریں گے۔

(۷) اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ

بے شک اللہ تم کو حکم دیتے ہیں کہ تم لوگ امانتوں کو ادا کرو۔

(۸) وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ

اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔

(۹) وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

اور حکم فرما دیا تیرے پروردگار نے کہ تم نہ عبادت کرو مگر اس کی اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

(۱۰) وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا

اور کوئی تم میں سے وہ ہے جو نکمی عمر کو لوٹا دیا جاتا ہے تا کہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے۔

(۱۱) يُرْجٰى اَنْ تُمْطِرَ السَّمَاءُ بَعْدَ قَلِيْلٍ

ایسے دکھائی دیتا ہے کہ تھوڑی دیر بعد مینہ برسے گا۔

(۱۲) اَذِنْ یَفْرَحَ الْفَلاَّحُوْنَ وَیَحْرِثُوْا اَرْضَھُمْ

تب کسان لوگ خوش ہوں اور اپنی زمینوں میں ہل چلائیں گے۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۹۲) مشق نمبر (۹۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) میں توقع کرتا ہوں کہ تم مجھے ہر ہفتے خط لکھو گے۔

اَتَوَقَّعُ مِنْکَ اَنْ تُرْسِلَ اِلَیَّ رِسَالَۃً فِی کُلِّ اُسْبُوْعٍ

(۲) مجھے اس بات کی خوشی ہوتی ہے کہ لڑکا اپنے والدین کی اطاعت کرے۔

